عبقری الحمدللہ ہر ماہ ہزاروں کی تعداد میں ملک کے کونے کونے میں قارئین متعارف کراتے ہیں، ممکن ہے اسکی کوئی بات آپ کے کام آجائے یا کسی کے روحانی یا جسمانی دکھ درد میں معاون ہو۔ اس لئے براہ کرم مطالعہ کے بعد اپنے کسی دوسرے بھائی کو دے دیجیے۔

گھر بھر کی جسمانی بیماریوں، ذہنی الجھنوں اور روحانی مسائل کا حل۔

ماہنامہ عبقری ® لاہور

فروری 2007 بمطابق محرم الحرام 1428 ہجری

باذوق مردوں اور باوقار خواتین کے لئے جسے بچے بھی پڑھ سکتے ہیں۔

فَبِاَیِّ اٰلَآءِ رَبِّکُمَا تُکَذِّبٰنِ ۞ عَبۡقَرِیٍّ حِسَانٍ ۞ القرآن

وقت کے ولی کا لازوال وظیفہ اس ماہ کی خصوصی پیشکش۔

جگنو سے گردے کا حیرت انگیز علاج

اس شمارے کی چند دلچسپ جھلکیاں۔

بالوں کا ٹوٹنا اور خشکی کیلئے پریشان نہ ہوں

انگلینڈ کے اساتذہ کی لاجواب تجویز بچوں کے لئے

مچھلی کا تیل

(دل کے امراض، جوڑوں کے درد اور ہائی بلڈ پریشر میں آزمودہ)

عظیم شخصیات کے رازوں میں سے انمول راز

عبقری خود پڑھیئے، مطالعہ کے بعد اپنے دوست احباب کو محبت کے ساتھ اسکے مطالعہ کی ترغیب دیجیے اور اپنے تمام ملنے والوں تک پہنچا کر معاشرے کی روحانی اور جسمانی گھریلو الجھنوں کے حل میں مدد کریں۔ ایصال ثواب اور تقسیم کے لیئے خصوصی رعایت۔

بیاد

حضرت خواجہ سید محمد عبداللہ ہجویری عبقری مجذوب رحمتہ اللہ علیہ

جناب حکیم محمد رمضان چغتائی رحمتہ اللہ علیہ

زیر سرپرستی

شیخ الحدیث حضرت مولانا محمد عبیداللہ المفتی دامت برکاتہم العالیہ

حضرت مولانا محمد کلیم صدیقی دامت برکاتہم العالیہ (پھلت)

شمارہ نمبر 08 جلد نمبر 01 فروری 2007ء بمطابق محرم الحرام 1428ھ

فرقہ واریت اور سیاسی تعصبات سے پاک

روحانی و جسمانی صحت کا ضامن، مرکز روحانیت وامن کا ترجمان

مدیر حکیم محمد طارق محمود عبقری مجذوبی چغتائی

مجلس مشاورت حکیم محمد خالد محمود چغتائی، تجمل الٰہی شمسی حاجی میاں محمد طارق، ملک خادم حسین، قانونی مشیر: سید واجد حسین بخاری (ایڈووکیٹ)

قیمت فی شمارہ .... 15 روپے

اندرون ملک سالانہ (معہ ڈاک خرچ) .... 120 روپے

بیرون ملک سالانہ (معہ ڈاک خرچ) .... 40 امریکی ڈالر

صدقہ جاریہ یہ رسالہ خالص خدمت خلق اور دکھی انسانیت کے روحانی اور جسمانی مسائل کے حل کے لئے شائع کیا گیا ہے۔ کوشش کی گئی ہے کہ لاگت اور مزدوری پیش نظر رکھ کر کم سے کم قیمت میں یہ رسالہ آپ تک پہنچے۔ آپ ''ماہنامہ عبقری'' کم قیمت میں خرید کر اپنے پیاروں کو گفٹ کریں یا اپنے پیاروں کے لئے تقسیم کر کے صدقہ جاریہ کریں۔ نامعلوم آپ کی وجہ سے لوگوں کے کتنے دکھ دور ہوں گے اور آپ اللہ تعالیٰ کے کتنے قریب ہوں گے۔

دائرے میں سرخ نشان سالانہ خریداری کی مدت ختم ہونے کی علامت ہے لہٰذا نئے سال کی خریداری کے لئے رقم ارسال فرمائیں۔

ایجنسی ہولڈر اپنی مہر لگائیں / ہدیہ دینے کے لئے اپنا نام لکھیں۔

مستقل پتہ: دفتر ماہنامہ ''عبقری'' مرکز روحانیت وامن 78/3، مزنگ چونگی، قرطبہ چوک، یونائیٹڈ بیکری اسٹریٹ، جیل روڈ، لاہور

فون: 042-7552384 موبائل: 0322-4688313

Website: www.ubqari.com E-mail: ubqari@hotmail.com

ٹھہرئیے پہلے اسے پڑھئیے

اگر آپ رسالہ ''عبقری'' کا اجراء کرانا چاہتے ہیں تو اس کا زرِ سالانہ مبلغ 120 روپے مع ڈاک خرچ ہے آپ یہ رقم بذریعہ منی آرڈر بنام ''دفتر ماہنامہ عبقری مرکز روحانیت وامن 78/3، مزنگ چونگی، قرطبہ چوک، یونائیٹڈ بیکری اسٹریٹ، جیل روڈ، لاہور'' کو ارسال کریں۔ ☆ اگر آپ رسالے کا فوری اجراء چاہتے ہیں تو پھر آپ مبلغ 125 روپے زرسالانہ ارسال کریں۔ رقم موصول ہونے پر فوری رسالہ جاری کر دیا جائے گا۔ ☆ اگر منی آرڈر نہیں کرا سکتے، تو ایک طریقہ یہ ہے کہ اسی مالیت کے ایک روپے والے ڈاک ٹکٹ بذریعہ خط اپنے مکمل پتہ کے ساتھ ارسال کریں۔ ☆ اپنا پتہ اردو میں، واضح اور صاف صاف تحریر کریں۔ ☆ رسالہ بذریعہ وی پی منگوانے سے گریز فرمائیں کہ وصول نہ کرنے کی صورت میں ادارہ کو نقصان پہنچتا ہے۔ آسان صورت یہ ہے کہ آپ رقم منی آرڈر کر دیں رقم ملتے ہی مطلوبہ رسالہ ارسال کر دیا جائیگا۔ ☆ اگر کوئی صاحب صرف ایک رسالہ منگوانا چاہتے ہیں تو وہ 10 روپے رسالہ کی قیمت اور 5 روپے ڈاک خرچ یعنی 15 روپے کے ڈاک ٹکٹ (ایک روپے والے) ارسال کر دیں تاکہ آپ کو فوری رسالہ مل جائے۔

قارئین سے التماس

رسالہ نہ ملنے پر اپنے ڈاکیہ سے رجوع کریں کیونکہ پوری تسلی کے بعد رسالہ روانہ کیا جاتا ہے۔ اپنا خریداری نمبر محفوظ رکھیے اور کسی بھی شکایت کی صورت میں خریداری نمبر کا حوالہ ضرور دیجئے یا اپنا زرِ سالانہ جمع کرائیں۔

☆ جواب طلب امور کے لئے جوابی لفافہ آنا ضروری ہے، ورنہ معذرت۔

☆ بعض احباب نے اپنے عزیز و اقارب یا ملنے والوں کیلئے ''عبقری'' کا اجراء کرایا ہوا ہے، ان کے علم میں یہ بات نہیں کہ یہ رسالہ ان کو کس کی جانب سے موصول ہو رہا ہے ان کو تشویش ہوتی ہے اور وہ ادارہ سے رجوع کرتے ہیں۔ احباب سے گزارش ہے کہ رسالہ جاری کرانے پر اپنے دوست احباب کو اس کی اطلاع لازمی کر دیں اور ہمارے پاس بھی نوٹ کرا دیں تاکہ ادارہ ان کو تسلی بخش جواب دے سکے۔

شکایات موصول ہوتی ہیں

اکثر و بیشتر قارئین کی طرف سے شکایات موصول ہوتی ہیں کہ رسالہ نہیں ملتا یا وقت پر نہیں ملتا۔ قارئین کو بدگمانی ہو رہی ہے کہ ہم رسالہ ارسال نہیں کرتے جنہیں رسالے نہیں ملتے وہ دیئے گئے پتہ پر اور اپنے متعلقہ ڈاکخانہ پر تحقیق کریں نیز ایسے موقع پر دعا کریں کہ یہ سلسلہ چلتا رہے اور آپ سب کو رسالے بروقت ملتے رہیں۔

☆ رسالہ کا اجراء ہر انگریزی مہینے کی 26-27-28 تاریخ کو ہو جاتا ہے اس کے بعد جو نئے خریدار بنتے ہیں ان کو رسالہ اگلے ماہ جاری ہوگا۔

ماہنامہ عبقری قریبی بک سٹال یا اخبار فروش سے طلب کریں

منتخب احادیث

الحدیث: حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: کیا میں تمہیں نہ بتاؤں کہ وہ شخص کون ہے جو آگ پر حرام ہوگا اور جس پر آگ حرام ہوگی؟ (سنو میں بتاتا ہوں) دوزخ کی آگ حرام ہے ہر ایسے شخص پر جو لوگوں سے قریب ہونے والا نہایت نرم مزاج اور نرم طبیعت ہو۔ (ترمذی)

الحدیث: قبیلہ بنی مجاشع کے حضرت عیاض بن حماد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا: اللہ تعالیٰ نے میری طرف اس بات کی وحی فرمائی ہے کہ تم لوگ اس قدر تواضع اختیار کرو یہاں تک کہ کوئی کسی پر فخر نہ کرے اور کوئی کسی پر ظلم نہ کرے۔ (مسلم)

الحدیث: حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو اللہ تعالیٰ (کی رضا حاصل کرنے) کے لئے تواضع کو اختیار کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو بلند فرماتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ اپنے خیال اور اپنی نگاہ میں تو چھوٹا ہوتا ہے لیکن لوگوں کی نگاہ میں اونچا ہوتا ہے اور جو تکبر کرتا ہے اللہ تعالیٰ اس کو گرا دیتے ہیں جس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ وہ لوگوں کی نگاہوں میں چھوٹا ہو جاتا ہے اگرچہ خود اپنے خیال میں بڑا ہوتا ہے لیکن دوسروں کی نظروں میں وہ کتے اور خنزیر سے بھی زیادہ ذلیل ہو جاتا ہے۔ (بیہقی)

الحدیث: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی کریم ﷺ نے ارشاد فرمایا: وہ شخص جنت میں نہیں جائے گا جس کے دل میں ذرہ برابر بھی تکبر ہو۔

الحدیث: حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا: جو شخص اس بات کو پسند کرتا ہو کہ لوگ اس (کی تعظیم) کے لئے کھڑے رہیں وہ اپنا ٹھکانہ جہنم میں بنالے۔ (ترمذی)

الحدیث: حضرت انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ صحابہ کے نزدیک کوئی شخص بھی رسول اللہ ﷺ سے زیادہ محبوب نہیں تھا۔ اس کے باوجود وہ رسول اللہ ﷺ کو دیکھ کر کھڑے نہیں ہوتے تھے کیونکہ وہ جانتے تھے کہ آپ ﷺ اس کو ناپسند فرماتے ہیں۔ (ترمذی)

الحدیث: حضرت ابو درداء رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ ارشاد فرماتے سنا: جس شخص کو بھی (کسی کی طرف سے) جسمانی تکلیف پہنچے پھر وہ اس کو معاف کر دے تو اللہ تعالیٰ اس کی وجہ سے ایک درجہ بلند فرما دیتے ہیں۔ اور ایک گناہ معاف فرما دیتے ہیں۔ (ترمذی)

کیا آپ سو شہیدوں کا ثواب پانا چاہتے ہیں

یقیناً آپ جانتے ہیں کہ آج کے دور میں ایک سنت پر عمل کرنا سو شہیدوں کے برابر ثواب پانا ہے

حضرت کعب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب نبی کریم ﷺ کھانا تناول فرماتے تو تین انگلیوں سے تناول فرماتے اور فارغ ہوتے تو انگلیوں کو چاٹ لیتے۔ (مسلم)

بعض روایات میں وارد ہوا ہے کہ آپ ﷺ پہلے بیچ کی انگلی پھر شہادت کی انگلی پھر انگوٹھا چاٹا کرتے تھے۔ (حاشیہ جمع الوسائل)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ حضور اقدس ﷺ اپنی انگلیاں تین مرتبہ چاٹا کرتے تھے۔ (خصائل)

حضرت کعب بن مالک رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ کی عادات طیبہ تین انگلیوں سے کھانے کی تھی۔ (مسلم)

حضرت عامر بن ربیعہ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ نبی کریم ﷺ تین انگلیوں سے کھاتے اور فارغ ہونے پر ان کو چاٹ لیا کرتے تھے۔ (مجمع، مسند بزار)

سعید بن منصورؒ سے مرسلاً روایت ہے کہ آپ ﷺ نے پانچ انگلیوں سے بھی کھایا ہے۔ (فتح الباری)

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے کہ ایک انگلی سے کھانا شیطان اور دو انگلیوں سے کھانا متکبرین اور تین انگلیوں سے کھانا حضرات انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام کی سنت ہے۔ (جمع الوسائل)

طبرانی میں کعب بن عجرہ رضی اللہ عنہ کی روایت ہے کہ انہوں نے کہا کہ میں نے دیکھا آپ ﷺ انگوٹھے، شہادت اور بیچ کی انگلی سے کھا رہے تھے پھر میں نے ان تینوں کو چاٹتے ہوئے دیکھا کہ پہلے بیچ والی کو پھر اس کے بعد والی کو پھر انگوٹھے کو چاٹا۔ (جمع الوسائل)

حضرت انس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ سے یہ نقل فرماتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا جب تم میں سے کسی کا لقمہ گر جائے تو اسے صاف کر کے کھا لے، شیطان کے لئے نہ چھوڑے۔ (مسلم)

جو شخص اللہ تعالیٰ سے ڈرتا ہے، وہ بدلہ نہیں لیتا۔

نور کے ہزار ہزار تالے

اللہ جل شانہ نے اس کو آدمؑ سے دو ہزار سال پہلے پیدا کیا جب شب معراج میں سرور کونینؐ تشریف لے گئے۔تو اس کو سلام کیا تو اس نے تسبیح میں مشغول ہونے کی وجہ سے نہ سنا۔حضرت جبرائیلؑ نے اس سے کہا یہ محمد ﷺ تجھے سلام کرتے ہیں اس پر اس نے دونوں سبز پر پھیلا دیئے جس سے زمین و آسمان بھر گئے۔اور نبی پاک ﷺ کے دونوں ابروؤں کے بیچ میں بوسہ دیا ان کی پیشانی مبارک پر بوسہ دیا اور کہنے لگے اے محمدؐ آپ کو خوشخبری ہو اللہ جل شانہ نے رمضان کی برکت سے آپؐ کو اور آپؐ کی امت کو بخش دیا۔اور نبی پاک نے اپنے سامنے دو صندوق دیکھے ہر صندوق میں نور کے ہزار ہزار تالے پڑے ہوئے تھے۔آپ نے اس سے دونوں صندوقوں کا حال پوچھا تو کہنے لگا ان دونوں میں آپ کی امت میں سے رمضان کے روزہ داروں کے لئے نجات ہے اور میں اس پر گواہ ہوں۔اللہ اکبر کتنا خوش قسمت ہے روزہ رکھنے والا اس دن وہ کہنے لگا کہ ایک دور ایسا تھا کہ جب لوگ آخری موت کے وقت بھی روزہ نہیں چھوڑتے تھے۔اب سچی بات یہ ہے کہ چھوٹی چھوٹی تکلیفوں میں یا چھوٹے چھوٹے سفر میں روزہ چھوڑ دیتے ہیں ایک دفعہ سفر کر رہا تھا۔کراچی جارہا تھا تو ایک صاحب کو دیکھا کھاتے پیتے سواری میں میں نے کہا یہ تو چھوٹا سا سفر ہے، کہنے لگے آپ کو پتہ نہیں ہے سفر میں مسافر کے لئے روزہ نہ رکھنے کی اجازت ہے۔میں نے کہا کونسے مسافر۔خچر اور گھوڑے والے مسافر کے لئے یا جہاز والے مسافر کے لئے۔خچر گھوڑا، گدھا وہ ایک سفر ہوتا تھا مصائب کا جس میں دھوپ گرمی انسان کو مشکلات ہوتی تھیں۔بس دوستو اصل تو طلب کی بات ہے تھوڑی سی اگر طلب ہو جائے تو پھر خچر اور گدھے پر بھی سواری کرکے آدمی روزہ رکھ لیتا ہے۔اب اگر طلب میں کمی ہو تو پھر مختلف صورتیں اس کی مختلف ادھر ادھر سے مسائل کو سمیٹ کے جواز تو پھر نکل ہی آتا ہے۔اور اگر تھوڑی سی اس کی کوشش کرلیں تو اللہ پاک اس کا اجر بہت عطا فرماتے ہیں نبی کریمؐ نے فرمایا کہ رمضان المبارک کی پہلی رات کو آسمانوں کے اور جنت کے دروازے کھل جاتے ہیں پھر اس کی آخری رات تک بند نہیں ہوتے۔اور جب بندہ اس کی کسی رات کو نماز پڑھتا ہے۔

ہر سجدے کے عوض ایک ہزار سات سونیکیاں

اللہ جل شانہ اس کے ہر سجدے کے عوض ایک ہزار سات سونیکیاں عطا فرماتے ہیں جنت میں یاقوت سرخ سے اس کا گھر بناتے ہیں اللہ اس کے سارے گناہ بخش دیتا ہے اور دوسرے رمضان تک کا کفارہ ہو جاتا ہے۔اور رمضان کے ہر دن کے عوض جس میں وہ روزہ رکھے جنت میں محل ملے گا۔جس میں ہزار سونے کے دروازے لگے ہوں گے اور اس کیلئے ستر ہزار فرشتے صبح سے شام تک استغفار کریں گے۔اور رات اور دن کو جو سجدہ کرے گا ہر سجدے کے عوض اسے ایک درخت ملے گا جس کے سائے میں اگر سو سال تک چلتا رہے تو ختم نہ ہو۔کیا کمال ہے رمضان کا۔کل میں ایک درویش کے پاس بیٹھا تھا کہنے لگے میں سرور کونینؐ کے روزۂ اطہر پر گیا تو میں جا کے سرور کونین کا جو سلام پڑھا وہ ان کے شجرے کے ساتھ پڑھا۔ان کے جو اسی (۸۰) سلسلے ہیں۔کہنے لگے ایک صاحب دوسرے دن ملے مجھے کہنے لگے میں نے خواب دیکھا کہ سرور کونینؐ تشریف لائے اور حضرات شیخین حضرت ابوبکر صدیقؓ اور عمر فاروقؓ بھی ساتھ تھے وہ کہنے لگے اس شخص کو جا کے ہمارا اسلام کہنا۔کہنے لگے کہ میں نے سلام آپ کے شجرہ مبارک کے ساتھ اس لئے پڑھا کہ ہمارے عید کے ہمارے پاس میراثی آتے ہیں اور ان کو ہمارا سارا شجرہ یاد ہوتا ہے۔اپنے مخصوص انداز میں کہتے ہیں اور ہم ان کی جھوٹی تعریف سے خوش ہو جاتے ہیں۔کہنے لگے ایک دفعہ وہ میراثی کہنے لگے کہ ہم لال نوٹ نہیں لیں گے ہرا نوٹ لیں گے۔کہنے لگے ہم ان کی جھوٹی تعریف سے خوش ہوتے ہیں۔میرے نبی سرور کونینؐ سچے ان کی تعریفیں سچی کہنے لگے میں نے سوچا کہ میں میرے آقا کملی والے کا میراثی اور ان کی منقبت ان کی ثناء خوانی بیان کر رہا ہوں اس دفعہ جا کے آقا سرور کونین کے روزۂ اطہر پہ جا کے جو سلام پڑھتا ہے وہ شجرہ کے ساتھ پڑھتا ہے اور میں نے ویسے ہی پڑھا۔کہنے لگے دوسرے دن سلام آ گیا۔اللہ تعالیٰ ہمیں بھی عطا کردے۔تو میں عرض کر رہا تھا کہ رمضان میں تھوڑا سا جلدی اٹھ گئے۔رمضان میں ذرا ترتیب بنالو جلدی سونے کی۔جلدی اٹھو اور جلدی اٹھ کے تھوڑا سا رب سے مانگ لو۔کوئی وقت ایسا نکالو رمضان میں یہ ترتیب تو سارے سال میں بنالیں اور رمضان المبارک میں کوئی وقت ایسا ہو رات کی تنہائیوں میں چند لمحے بیٹھ کر اس کریم سے اس کی باتیں کرلیا کریں کہ یا اللہ دنیا میں کہیں ایسی کوئی جگہ ہوتی۔اکیلے بیٹھے رہتے یاد تیری دلنشیں ہوتی۔

تنہائیوں میں اس سے باتیں کرلیں

چند لمحے بیٹھ کر تنہائیوں میں اس سے باتیں کرلیں یقین جانئے دروازے کھلے ہوئیں ہیں۔سارا مہینہ دروازے کھلے ہوئے ہوتے ہیں اور کتنے محروم ایسے ہیں جن کا رب انہیں بلا رہا ہے پھر بھی نہ آئے۔اس سے بڑا محروم کوئی نہ ہوگا۔یا تو اس کا دل سیاہ ہو گیا ہے یا کوئی وہ ازلی بدبخت ہے، جس کے لئے ہدایت اللہ نے چھین لی ہے یُضِلُّ بِهٖ كَثِيْرًا کے زمرے میں آجائے گا وہ شخص۔اللہ ہم سب کو بچائے۔تو فرمایا۔رمضان کی پہلی شب کو آسمان اور جنت کے دروازے کھلتے ہیں اور آخری رات تک بند نہیں ہوتے۔اور جب وہ رمضان کی کسی رات میں نماز پڑھتا ہے تو اللہ جل شانہٗ اس کے لئے ہر سجدے کے عوض ایک ہزار سات سونیکیاں درج کرتے ہیں۔جنت میں اس کے لئے یاقوت سرخ کا گھر بناتے ہیں اور ستر ہزار دروازے ہوں گے۔ہر دروازے میں سونے کے دو پٹ یاقوت سرخ سے جڑے ہوئے ہوں گے اور جو کوئی رمضان کا اول روزہ رکھتا ہے تو مہینے کے آخر تک اللہ جل شانہٗ سارے گناہ بخش دیتے ہیں اور دوسرے رمضان تک کفارہ ہو جاتا ہے اور ہر دن کے عوض میں جس میں وہ روزہ رکھے ایک محل ملے گا۔جس میں ہزار سونے کے دروازے لگے ہوں گے اور اس کے لئے ستر ہزار فرشتے صبح سے شام تک استغفار کرتے رہیں گے۔رات اور دن کو جو سجدہ کرے گا اس کو ہر سجدہ کے عوض ایک درخت ملے گا جس کے سائے میں اگر سو سال چلتا رہے تو اس کا سایہ کبھی ختم نہ ہوگا اللہ تعالیٰ نے ایک فرشتہ پیدا کیا ہے جس کے چار چہرے ہیں ایک چہرے سے دوسرے چہرے تک چار ہزار سال کا فاصلہ ہے۔اللہ اکبر۔میرا رب کتنا بڑا ہوگا۔اسی لئے تو کہتے ہیں اللہ سب سے بڑا ہے۔کتنا بڑا فرشتہ ہے، اور ایک ہے اکبر۔عربی میں کبیر کہتے ہیں بڑے کو اور اکبر کہتے ہیں سب سے بڑا۔اس فرشتے کے اللہ تعالیٰ نے چار چہرے بنائے ہیں اور ہر چہرے سے دوسرے چہرے تک کا فاصلہ چار ہزار سال کا ہے ایک چہرے سے وہ سجدہ کرتا ہے اور دوسرے چہرے سے وہ عرش کی طرف دیکھتا ہے۔اے رب امت محمدیؐ سے رمضان کے روزے رکھنے والوں کو بخش دے اور ان پر رحم فرما اور تیسرے سے جنت کی طرف دیکھتا ہے اور کہتا ہے جو تجھ میں داخل ہوں ان کیلئے بشارت ہے اور چوتھے چہرے سے جہنم کی طرف دیکھتا ہے اور کہتا ہے جو تجھ میں داخل ہوں ان کیلئے تباہی ہے۔ (جاری ہے)

توجہ طلب:

ہر منگل کو بعد نمازِ مغرب "مرکزِ روحانیت و امن" میں حکیم صاحب کا درس' ذکر خاص، مراقبہ اور دعا کی نشست ہوتی ہے۔اس میں اپنی روحانی ترقی اور پریشانیوں کیلئے شرکت فرمائیں۔اپنی مشکلات، پریشانیوں کے حل اور دلی مرادوں کی تکمیل کیلئے خط لکھ کر دعاؤں میں شمولیت کرسکتے ہیں۔

میرے پاس حسب نسب لے کر نہ آؤ بلکہ اعمال لے کر آؤ۔

دیدارِ رسول ﷺ اور محدثین کے ذاتی آزمودہ مشاہدات

ہزاروں صفحات کا نچوڑ عظیم شخصیات کے رازوں میں سے انمول راز (قسط نمبر 7)

''قلمی بیاض'' میں خواجہ درمحمد رحمتہ اللہ علیہ جو ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں نے ایک آزمودہ وظیفہ برائے زیارت رسول ﷺ لکھا ہے وہ اس طرح ہے کہ بعد از نماز عشاء باوضو ہو کر ایک تسبیح درود شریف اور اس کے بعد ۵ مرتبہ **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم** اور ۳۱۳ مرتبہ **اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ اَرِنِیْ وَجْہَ مُحَمَّدٍ حَالًا وَّمَآلًا''** اس کے بعد ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاء اللہ خواب میں آپؐ کی ضرور زیارت نصیب ہوگی۔

عملیات جہانگیری

حضرت صوفی شرف الدین احمد وارثی میرٹھیؒ اپنی کتاب ''عملیات جہانگیری'' میں لکھتے ہیں کہ نماز صلوٰۃ بھی صلوٰۃ التسبیح کے طریقہ پر پڑھی جاتی ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ نیت میں صلوٰۃ التسبیح کی بجائے صلوٰۃ الصلوٰۃ کہنا پڑتا ہے اور **سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر** کی بجائے درود پاک پڑھنا پڑتا ہے۔ اسی مقررہ تعداد پر نماز ختم کر دی جاتی ہے۔ اس نماز کے پڑھنے سے محبت رسول اللہ ﷺ دل میں پیدا ہوتی ہے اور پڑھنے والا آپ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے۔ درود شریف کوئی سا بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

مجربات شیخ سنوسی

''مجربات شیخ سنوسی'' میں حضرت امام ابی عبداللہ محمد بن یوسف السنوسی الحسنی الحسینی'' لکھتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہے کہ جمال باکمال رسول خدا ﷺ کا خواب میں دیکھے اسے چاہیے دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ قل ہو اللہ احد سو مرتبہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہو کر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے **یا محسن یا مجمل یا منعم یا متفضل ارنی وجہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ وآلم وسلم** تو انشاء اللہ تعالیٰ ضرور رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھ لے گا۔ (کتاب التعویذات، خزینہ عملیات، بیاض مدنی)

حضرت علامہ سخاویؒ ''قول بدیع'' میں لکھتے ہیں

کہ حضرت رشید عطارؒ نے فرمایا کہ حضرت ابوسعید خیاطؒ گوشہ نشین بزرگ تھے۔ لوگوں سے میل جول بالکل بند تھا۔ کچھ عرصے کے بعد حضرت ابوسعید خیاطؒ کو لوگوں نے خلاف معمول حضرت ابن رشیقؒ کی مجلس میں کثرت سے آتے جاتے دیکھا۔ لوگوں کو اس پر تعجب ہوا اور ان سے سبب دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا مجھے سرکار مدینہ ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی اور سرکار ﷺ نے مجھے حکم دیا ہے کہ حضرت ابن رشیقؒ کی مجلس میں جایا کرو کیونکہ وہ اپنی مجلس میں مجھ پر کثرت سے یہ درود شریف پڑھتا ہے: **اللھم صل علی سیدنا ومولانا محمد عدد اوراق الزیتون وجمیع الثمارہ.** (آب کوثر از علامہ الحاج محمد امین)

بحر معرفت میں ڈوبے ہوئے اشعار ہیں

قصیدہ غوثیہ کے فضائل کے بارے میں علامہ عالم فقری نے اپنی کتاب ''فقری مجموعہ وظائف'' میں لکھا ہے کہ قصیدہ غوثیہ بحر معرفت میں ڈوبے ہوئے اشعار ہیں جو حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کی پرواز معرفت کے ترجمان ہیں۔ یہ قصیدہ آپ کی زبان حق سے اس وقت جاری ہوا جبکہ آپؒ عشق الٰہی میں مستغرق تھے اور ذات حق کے جلوہ میں جذب تھے اور مقام وصل میں گم تھے اور آپ نے وہ باتیں کہہ دیں جہاں بندے کی زبان پر رب بولتا ہے۔ اس لئے جو شخص اس قصیدے کا ورد کرے گا وہ بھی اللہ کی معرفت میں رنگا جائے گا اور یہ خاص الخاص مجرب ورد اولیاء اللہ ہے۔ اس کا ورد کرنے سے حب الٰہی و عشق مصطفائی کے نورانی شعلے دل میں پیدا ہوں گے۔ عرفان و قرب حق اور حضور سرور کائنات ﷺ کا وصل دیدار اس کی برکت سے نصیب ہوگا۔ غوث پاک اور تمام اولیاء کرام کی زیارتیں ہوں گی۔ نعمت دیدار جمال بے مثال حضور محبوب خدا ﷺ عطا ہوگی۔ اس قصیدہ کو روزانہ وظیفہ کے طور پر ایک مرتبہ پڑھ لینا دینی و دنیاوی فیوض و برکات کیلئے بہت مفید ہے۔

اسم اعظم کے متلاشی اور تحیر و اسرار میں لپٹے انکشافات!!!

تمہاری دعا سنی گئی مانگو کیا مانگتے ہو ☐ پانچ کلمات کے ساتھ مقبول دعا

ہر شخص اسم اعظم کا متلاشی ہے کہ کوئی ایسا لفظ جو ''ماسٹر کی'' کی طرح ہو کہ ہر مشکل ہر پریشانی اور ہر ایمر جنسی کے وقت پڑھیں اور اسی وقت مسئلہ حل ہو جائے۔ جنگلوں، صحراؤں اور پہاڑوں کی غاروں میں چلے اور وظائف کرنے والوں کے سچے تجربات، محدثین کے مشاہدات اور اولیاء کے کرشمات اسم اعظم کے بارے میں ملاحظہ فرمائیں

اسم اعظم (۲۰)

یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

حضرت معاذؓ کی حدیث

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ایک شخص سے یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ کہتے ہوئے سنا تو ارشاد فرمایا تمہاری دعا سنی گئی ہے مانگ لو۔ (جامع ترمذی)

مشہور تابعی مفسر حضرت مجاہدؒ فرماتے ہیں وہ اسم جس کے ساتھ جب دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔

یَا ذَالْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ (تفسیر امام ابن جریر طبری سورۃ النمل)

امام رازیؒ نے بھی اس کی تائید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ نام الوہیت کی تمام معتبر صفات پر مشتمل ہے کیونکہ "جلال" میں تمام سلبیات کی طرف اشارہ ہے اور ''اکرام'' میں تمام اضافات کی طرف اشارہ ہے۔

طب کی معروف و مستند عربی کتاب تذکرۃ داؤد انطا کی (۲۶۰/۳) میں بھی اس کو اسم اعظم کے طور پر نقل کیا گیا ہے۔

اسم اعظم (۲۱)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ان پانچ کلمات کے ساتھ دعا کرے گا اور اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے گا اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ. (قال الہیثمی فی مجمع الزوائد: ۱۰/ ۱۵۷)

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، کوئی طاقت نہیں اور کوئی قوت نہیں مگر اللہ کے پاس۔''

اسم اعظم (۲۲)

حضرت عائشہؓ کی حدیث

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ان سے حضور ﷺ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنا ایک ایسا نام بتلایا ہے کہ جب اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے مانگا جائے تو وہ قبول کرتا ہے۔ میں نے عرض کیا یا رسول اللہ وہ مجھے بھی سکھلا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہ تیرے لئے مناسب نہیں۔ پھر میں کھڑی ہوئی وضو کیا اور دو رکعات پڑھ کر ان الفاظ سے دعا کی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحِیْمَ وَاَسْاَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمْنِیْ.

(نزہۃ المجالس بحوالہ ابن ماجہ) (بقیہ صفحہ نمبر ۱۵)

ایمان دار وہ ہے جس سے لوگ اپنے مال اور جان کو محفوظ سمجھیں۔

دیدارِ رسول ﷺ اور محدثین کے ذاتی آزمودہ مشاہدات

ہزاروں صفحات کا نچوڑ عظیم شخصیات کے رازوں میں سے انمول راز (قسط نمبر 7)

''قلمی بیاض'' میں خواجہ درمحمد رحمتہ اللہ علیہ جو ایک بہت بڑے بزرگ گزرے ہیں نے ایک آزمودہ وظیفہ برائے زیارت رسول ﷺ لکھا ہے وہ اس طرح ہے کہ بعد از نماز عشاء باوضو ہوکر ایک تسبیح درود شریف اور اس کے بعد ۵ مرتبہ **اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْم** اور ۳۱۳ مرتبہ **اَللّٰھُمَّ بِحَقِّ مُحَمَّدٍ آرِنِیْ وَجْہَ مُحَمَّدٍ حَالًا وَّمَآلًا''** اس کے بعد ایک تسبیح درود شریف پڑھ کر سو جائے انشاءاللہ خواب میں آپؐ کی ضرور زیارت نصیب ہوگی۔

عملیات جہانگیری

حضرت صوفی شرف الدین احمد وارثی میرٹھیؒ اپنی کتاب ''عملیات جہانگیری'' میں لکھتے ہیں کہ نماز صلوٰۃ بھی صلوٰۃ التسبیح کے طریقہ پر پڑھی جاتی ہے۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ نیت میں صلوٰۃ التسبیح کی بجائے صلوٰۃ الصلوٰۃ کہنا پڑتا ہے اور **سبحان اللہ والحمد للہ واللہ اکبر** کی بجائے درود پاک پڑھنا پڑتا ہے۔ اسی مقررہ تعداد پر نماز ختم کر دی جاتی ہے۔ اس نماز کے پڑھنے سے محبت رسول اللہ ﷺ دل میں پیدا ہوتی ہے اور پڑھنے والا آپ ﷺ کی زیارت سے مشرف ہوتا ہے۔ درود شریف کوئی سا بھی پڑھا جا سکتا ہے۔

مجربات شیخ سنوسی

''مجربات شیخ سنوسی'' میں حضرت امام ابی عبداللہ محمد بن یوسف السنوسی الحسنی الحسینیؒ لکھتے ہیں کہ جو شخص یہ چاہے کہ جمال باکمال رسول خدا ﷺ کا خواب میں دیکھے اسے چاہیے دو رکعت نماز ادا کرے ہر رکعت میں سورۃ فاتحہ ایک مرتبہ اور سورۃ قل ہو اللہ احد سو مرتبہ پڑھے اور نماز سے فارغ ہوکر تین مرتبہ یہ دعا پڑھے **یا یا محسن یا مجمل یا منعم یا متفضل ارنی وجہ نبیک محمد صلی اللہ علیہ وآلم وسلم** تو انشاءاللہ تعالیٰ ضرور رسول اللہ ﷺ کو خواب میں دیکھ لے گا۔ (کتاب التعویذات، خزینہ عملیات، بیاض مدنی)

حضرت علامہ سخاویؒ ''قول بدیع'' میں لکھتے ہیں

کہ حضرت رشید عطارؒ نے فرمایا کہ حضرت ابوسعید خیاطؒ گوشہ نشین بزرگ تھے۔ لوگوں سے میل جول بالکل بند تھا۔ کچھ عرصے کے بعد حضرت ابوسعید خیاطؒ کو لوگوں نے خلاف معمول حضرت ابن رشیقؒ کی مجلس میں کثرت سے آتے جاتے دیکھا۔ لوگوں کو اس پر تعجب ہوا اور ان سے سبب دریافت کیا تو انہوں نے فرمایا مجھے سرکار مدینہ ﷺ کی خواب میں زیارت ہوئی اور سرکار ﷺ نے مجھے حکم دیا ہے کہ حضرت ابن رشیقؒ کی مجلس میں جایا کرو کیونکہ وہ اپنی مجلس میں مجھ پر کثرت سے یہ درود شریف پڑھتا ہے: **اللھم صل علی سیدنا ومولانا محمد عدد اوراق الزیتون وجمیع الثمارہ.** (آب کوثر از علامہ الحاج محمد امین)

بحر معرفت میں ڈوبے ہوئے اشعار ہیں

قصیدہ غوثیہ کے فضائل کے بارے میں علامہ عالم فقری نے اپنی کتاب ''فقری مجموعہ وظائف'' میں لکھا ہے کہ قصیدہ غوثیہ بحر معرفت میں ڈوبے ہوئے اشعار ہیں جو حضرت سید عبدالقادر جیلانیؒ کی پرواز معرفت کے ترجمان ہیں۔ یہ قصیدہ آپ کی زبان حق سے اس وقت جاری ہوا جبکہ آپؒ عشق الٰہی میں مستغرق تھے اور ذات حق کے جلوہ میں جذب تھے اور مقام وصل میں گم تھے اور آپ نے وہ باتیں کہہ دیں جہاں بندے کی زبان پر رب بولتا ہے۔ اس لئے جو شخص اس قصیدے کا ورد کرے گا وہ بھی اللہ کی معرفت میں رنگا جائے گا اور یہ خاص الخاص مجرب ورد اولیاء اللہ ہے۔ اس کا ورد کرنے سے حب الٰہی وعشق مصطفائی کے نورانی شعلے دل میں پیدا ہوں گے۔ عرفان وقرب حق اور حضور سرور کائنات ﷺ کا وصل دیدار اس کی برکت سے نصیب ہوگا۔ غوث پاک اور تمام اولیاء کرام کی زیارتیں ہوں گی۔ نعمت دیدار جمال بے مثال حضور محبوب خدا ﷺ عطا ہوگی۔ اس قصیدہ کو روزانہ وظیفہ کے طور پر ایک مرتبہ پڑھ لینا دینی ودنیاوی فیوض وبرکات کیلئے بہت مفید ہے۔

اسم اعظم کے متلاشی اور تحیر و اسرار میں لپٹے انکشافات!!!

تمہاری دعا سنی گئی مانگو کیا مانگتے ہو ☐ پانچ کلمات کے ساتھ مقبول دعا

ہر شخص اسم اعظم کا متلاشی ہے کہ کوئی ایسا لفظ جو ''ماسٹر کی'' کی طرح ہو کہ ہر مشکل ہر پریشانی اور ہر ایمرجنسی کے وقت پڑھیں اور اسی وقت مسئلہ حل ہو جائے۔ جنگلوں، صحراؤں اور پہاڑوں کی غاروں میں چلے اور وظائف کرنے والوں کے سچے تجربات، محدثین کے مشاہدات اور اولیاء کے کرشمات اسم اعظم کے بارے میں ملاحظہ فرمائیں

اسم اعظم (۲۰)

یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام

حضرت معاذؓ کی حدیث

حضرت معاذ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جناب نبی کریم ﷺ نے ایک شخص سے **یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام** کہتے ہوئے سنا تو ارشاد فرمایا تمہاری دعا سنی گئی ہے مانگ لو۔ (جامع ترمذی)

مشہور تابعی مفسر حضرت مجاہدؒ فرماتے ہیں وہ اسم جس کے ساتھ جب دعا کی جائے قبول ہوتی ہے۔

یَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِکْرَام (تفسیر امام ابن جریر طبری سورۃ النمل)

امام رازیؒ نے بھی اس کی تائید کرتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ نام الوہیت کی تمام معتبر صفات پر مشتمل ہے کیونکہ ''جلال'' میں تمام سلبیات کی طرف اشارہ ہے اور ''اکرام'' میں تمام اضافات کی طرف اشارہ ہے۔

طب کی معروف ومستند عربی کتاب تذکرۃ داود انطا کی (۲۶۰/۳) میں بھی اس کو اسم اعظم کے طور پر نقل کیا گیا ہے۔

اسم اعظم (۲۱)

حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ کی حدیث

حضرت معاویہؓ سے روایت ہے فرماتے ہیں کہ میں نے آنحضرت ﷺ سے یہ ارشاد فرماتے ہوئے سنا کہ جو شخص ان پانچ کلمات کے ساتھ دعا کرے گا اور اللہ تعالیٰ سے جو کچھ مانگے گا اللہ تعالیٰ عطا فرمائیں گے۔

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، وَاللّٰہُ اَکْبَرُ، لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْکَ لَہٗ، لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ. لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ. (قال الہیثمی فی مجمع الزوائد: ۱۰/۱۵۷)

''اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہت ہے اور اسی کے لئے حمد ہے اور وہ ہر چیز پر قادر ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، کوئی طاقت نہیں اور کوئی قوت نہیں مگر اللہ کے پاس۔''

اسم اعظم (۲۲)

حضرت عائشہؓ کی حدیث

حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ ان سے حضور ﷺ نے فرمایا مجھے اللہ تعالیٰ نے اپنا ایک ایسا نام بتلایا ہے کہ جب اس کے ساتھ اللہ تعالیٰ سے مانگا جائے تو وہ قبول کرتا ہے۔ میں نے عرض کیا یارسول اللہ وہ مجھے بھی سکھلا دیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا وہ تیرے لئے مناسب نہیں۔ پھر میں کھڑی ہوئی وضو کیا اور دو رکعات پڑھ کر ان الفاظ سے دعا کی:

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَدْعُوْکَ اللّٰہَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحْمٰنَ وَاَدْعُوْکَ الرَّحِیْمَ وَاَسْاَلُکَ بِاَسْمَائِکَ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمْ اَنْ تَغْفِرَلِیْ وَتَرْحَمَنِیْ.

(نزہۃ المجالس بحوالہ ابن ماجہ) (بقیہ صفحہ نمبر ۱۵)

ایمان دار وہ ہے جس سے لوگ اپنے مال اور جان کو محفوظ سمجھیں۔

معالج اور مریضوں کے تجربات

آپ بھی اپنے مشاہدات لکھیں صدقہ جاریہ ہے بے ربط ہی کیوں نہ ہوں تحریر ہم سنوار لیں گے۔

میری مریضانہ زندگی کا عجیب وغریب واقعہ

جولائی ۱۹۸۱ء میں گھیکوار پر معلومات افزاء مضمون پڑھا جیسے اندھے کو دو آنکھیں مل گئیں۔ میں ایک عرصے سے کیلوں اور مہاسوں سے تنگ تھی۔ ڈاکٹروں نے طرح طرح کی کریمیں اور لوشن دیئے۔ کیپسول اور گولیاں بھی کھلائیں لیکن مستقل فائدہ نہ ہوا۔ مضمون کو پڑھ کر خیال آیا کہ کیوں نہ اس کے لعاب کو بھی آزمالوں؟

میرے خانہ باغ میں دادا جان نے ایک کیاری میں گھیکوار کے دو تین پودے بھی لگا رکھے تھے۔ وہ جاڑوں میں ان کا حلوہ بنا کر کھاتے ہیں۔ ایک دن انہیں بھی یہ مضمون پڑھوایا اور اپنے ارادے سے آگاہ کیا۔ انہوں نے بھی اصرار کیا کہ میں ضرور اس کو آزماؤں چنانچہ میں نے اس کے پتے کا ایک چوکور ٹکڑا کاٹا اور چھری سے اس کا چھلکا اتارا تو جیلی جیسا گودا نکل آیا۔ اس ٹکڑے کو چہرے پر خوب پھیرتی رہی۔ دس پندرہ منٹ تک اس کا لعاب جذب کرتی رہی۔ یہ عمل میں نے سونے سے قبل کیا اور منہ دھوئے بغیر سو گئی۔ صبح گندم کے آٹے سے منہ دھوم لیا۔ دوسرے اور تیسرے روز بھی یہی عمل کیا۔ دوسرے دن جب میں لعاب کی مالش کر رہی تھی' دادا جان میرے کمرے میں آ نکلے۔ انہوں نے مشورہ دیا کہ میں تھوڑا سے یہ گودا کھا بھی لوں میں ٹال گئی۔ چوتھے دن میں نے محسوس کیا کہ کیلیں کم ہوگئی ہیں اور چہرے پر ابھار کم ہو رہے ہیں۔ گھیکوار کی یہ افادیت دیکھ میں نے سونے سے پہلے گھیکوار کا ایک انچ کا ٹکڑا نگلنا شروع کر دیا۔ یہ ہوتا تو بہت تلخ ہے' لیکن آدھی پیالی بغیر بالائی اور شکر کے دودھ کے ساتھ نگلنے سے اتنا ناگوار نہیں لگتا۔ میں نے محسوس کیا کہ اس سے آنتیں صاف رہتی ہیں۔

قصہ مختصر میری کیلیں ایک ہفتے کے اندر اندر ہی رخصت ہوگئیں۔ میرے چہرے کو دیکھ کر یقین ہی نہیں کر سکتا کہ میں کبھی کیلوں اور پھنسیوں کا شکار تھی۔ جلد صاف ہوگئی اور رنگ نکھر آیا ہے۔ یہ سب گھیکوار کا کمال ہے۔ (آنسہ حنا سید۔ کراچی)

میری معالجاتی زندگی کا ایک عجیب وغریب تجربہ

بچپن سے میری صحت کمزور رہا کرتی تھی چنانچہ میں سکول ہی میں تھی کہ مجھے سر درد کے دورے پڑنے لگے۔ پہلے تو یہ عارضی ہوا کرتے تھے لیکن بڑے سخت ہوتے تھے۔ میں کوئی کام کرنے کے قابل نہ رہتی تھی۔ ہر دوسرے تیسرے روز ہی مصیبت پیش آتی۔ جیسے جیسے وقت گزرتا گیا' دورے زیادہ جلد پڑنے لگے' یہاں تک کہ روز روز پڑنے لگے کچھ دنوں میں یہ درد مستقل ہوگیا اور چوبیس گھنٹے رہنے لگا رات اور دن کے کسی حصے میں اس سے نجات نہ ملتی بستر سے اٹھنے پر زیادہ شدید ہوا کرتا تھا۔ دن میں کسی وقت شدت میں کمی ہو جاتی لیکن رکتا نہ تھا۔ میں اس تکلیف سے عاجز آ گئی تھی شروع شروع میں تو جب درد ہوتا محلّہ کے ڈاکٹر کے ہاں سے دوا منگوا کر کھالی جاتی اور افاقہ ہو جاتا لیکن پھر جب شدت بڑھی تو یہ عارضی افاقہ بھی جاتا رہا۔ اب جس کسی نے کسی حکیم یا ڈاکٹر کا پتہ بتایا وہاں پہنچے ہومیو پیتھک کے در کھٹکھٹائے جھاڑ پھونک بھی کرائی مگر ''مرض بڑھتا گیا جوں جوں دوا کی۔''

میری بہن ان دنوں ڈاکٹری کی تعلیم حاصل کرتی تھیں۔ انہوں نے ایک سے ایک لائق پروفیسر کے زیر علاج رکھا مگر بے سود' افاقہ ہوتا تھا مگر عارضی' ڈاکٹروں نے سر سے لے کر پیر تک میرے جملہ کل پرزے کی چھان بین کی سر' ناک' سینہ' پیٹ اور گردے' سب ہی کے ایکسرے لئے گئے۔ خون پیشاب' پاخانہ کا بارہا امتحان ہوا' مگر کسی طرح بھی کوئی وجہ ان کی سمجھ میں نہ آتی تھی بعض نے تو دماغ کے کینسر کا شبہ ظاہر کیا چنانچہ مختلف زاویوں سے کئی دفعہ سر کے کئی ایکسرے تصاویر لی گئی لیکن نتیجہ صفر ہی رہا۔ میں سب معالجوں کو ناکارہ ٹھہرانے لگی اور اپنی بہن کو اکثر صلواتیں سناتی کہ وہ دنیا بھر کے علاج کرتی پھرتی ہیں اور نہیں کر سکتیں تو میرے لئے مگر سچ تو یہ ہے کہ انہوں نے مقدور بھر کوشش کر لی تھی اور کئے جاتی تھیں۔ دنیا بھر کے قیمتی سے قیمتی ٹانک میرے لئے روزانہ چلے آتے تھے مگر میرے لئے وہ سب بے اثر ہو چکے تھے۔ یہ جانکاہ تکلیف پانچ سال پرانی ہو چکی تھی اور اب سر کے درد کے ساتھ ساتھ پورے بدن کی رگ رگ میں بھی غضب کا درد اور آٹھن رہنے لگی تھی۔ ایک دن میری بہن اپنی من بھر کی کوئی کتاب لئے میرے پاس آ بیٹھیں اور کہنے لگیں' ''میں تمہارا علاج کروں گی' اگر صرف تم میرے ساتھ تعاون کرو۔ نہ کڑوی دوا پینی ہوگی' نہ درجنوں گولیاں کھانی پڑیں گی اور نہ سوئیاں بھونکی جائیں گی۔ میری امید ختم ہو چکی تھی میں نے بیزاری و بے توجہی ظاہر کی انہوں نے نرمی سے کہا کہ ''پہلے اس کتاب سے سنائے' جس سے آکسیجن کی اہمیت اور زندگی کے لئے اس کی ضرورت واضح ہوتی تھی۔ پھر مختلف طریقوں سے انہوں نے مجھے سمجھایا مثلاً منہ اور ناک بند کر کے سانس روک لینے کو کہا میں مشکل سے ایک منٹ اور چند سکینڈ چپ چاپ بیٹھی رہی۔ پھر میرا دم گھٹنے لگا اور میں نے سانس چھوڑ دیا۔ اب انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں ایک لمبا سانس لے کر روک لوں چنانچہ اس دفعہ میں دو منٹ سے بھی زیادہ سانس روکے رہی۔ جب میں نے سانس چھوڑا تو انہوں نے بتایا کہ میرے سانس کی پوری ہوا استعمال نہیں ہوئی تھی بلکہ اس کا ضروری جز یعنی آکسیجن میرے سینے میں موجود ہونے کے باوجود بیکار تھی اگر چند منٹ کسی کا منہ ناک بند رکھا جائے تو وہ آکسیجن کے نہ ملنے کی وجہ سے مر جائے گا اور ظاہر ہے کہ گندی ہوا میں سانس لینے اور بند تاریک کمروں میں گھنٹوں بیٹھے رہنے سے کتنا نقصان پہنچتا ہوگا پھر انہوں نے پاس پڑا ہوا پانی کا مٹکا اٹھانے کو کہا میں زمین سے چند انچ اوپر اٹھا سکی اور جلدی سے رکھ دیا۔ اب انہوں نے مجھ سے کہا کہ میں سیدھی کھڑی ہو کر پہلے ایک لمبا سانس لوں اور اسے روک کر مٹکا اٹھاؤں چنانچہ میں نے ایسا ہی کیا۔ اس بار میں نے مٹکا ایک فٹ سے زیادہ اونچے اٹھایا۔ پھر انہوں نے مجھے زینہ کی سیڑھیاں چڑھنے اور اترنے کو کہا جب میں واپس آئی تو میرا دم اکھڑا ہوا تھا۔ تھوڑی دیر میں جب سانس درست ہوا تو انہوں نے کہا کہ میں پھر زینہ پر چڑھ کر واپس آؤں اور اس بار چڑھنے اور اترنے کے دوران میں بڑے بڑے سانس لیتی اور چھوڑتی جاؤں لیکن آہستہ آہستہ لوں اور آہستہ آہستہ چھوڑوں۔ میں پہلے کی رفتار سے اوپر جا کر واپس آئی۔ اس بار یقیناً میرا سانس قابو میں تھا۔

ایک گھنٹے کی لیکچر بازی اور اس عملی سبق سے مجھ پر آکسیجن اور تازہ ہوا کی اہمیت ظاہر ہوئی تو انہوں نے مجھ سے کہا کہ تم جو رات بھر کمبل سے منہ ڈھانپ کے سویا کرتی ہو تو اس سے گھنٹوں تمہارے خون میں گندی ہوا پہنچتی رہتی ہے اور جسم کا تغذیہ خراب ہوتا ہے۔ رات بھر کی نیند و آرام اور سانس سے داخل ہونے والی آکسیجن' دن بھر کی استعمال شدہ توانائی جسم کو واپس پہنچاتی ہے۔ تھکے ہوئے عضلات کو زندگی بخشتی اور ان کو دوسرے دن کے کام کاج کے لئے پھر سے تیار کرتی ہے اگر تم منہ ڈھک کر سونا چھوڑ دو اور صبح سویرے روزانہ کم از کم آدھا گھنٹہ چہل قدمی کیا کرو اور لمبے لمبے سانس آہستہ آہستہ لو اور چھوڑو تو کوئی وجہ نہیں کہ تمہاری تکلیف دور نہ ہو۔ اگرچہ انہوں نے اس سے پہلے کئی مرتبہ مجھے یہ تاکید کی تھی اور منہ ڈھک کر سونے کو منع کیا تھا مگر اس مرتبہ میں نے اس پر عمل کرنے کا ارادہ کر لیا اور اس رات کو منہ کھلا رکھ کر سوئی۔ کیا آپ یقین کریں گے کہ دوسرے دن صبح جب میں اٹھی ہوں تو نہ میرے سر میں درد تھا نہ بدن میں! مجھے یقین نہ آتا تھا کہ میرا سر ہلکا ہے۔ اس دن سے میں زیادہ سے زیادہ کھلی ہوا میں رہتی ہوں اور ان کی مرضی کے موافق جب کام کرتے کرتے تھک جاتی ہوں تو باہر آ کر دس منٹ آہستہ آہستہ لمبے سانس لے کر آہستہ آہستہ چھوڑتی ہوں۔ میری طبعیت بحال ہو جاتی ہے۔ پانچ چھ برس تک اتنی تکلیف اٹھانے کے بعد دنیا بھر کے علاجوں سے فائدہ نہ ہوا اور ہوا تو کھلی اور تازہ ہوا کی اہمیت معلوم ہونے سے۔ اب خدا کے فضل سے میں بالکل اچھی ہوں۔ (زبیدہ خان۔ ویگلور)

کسی شخص کے دل میں ایمان اور حسد اکٹھے نہیں رہ سکتے۔

چہرے پردانے اور چکنی جلد ❖ بیٹے کی بیماری کی پریشانی ❖ وزن کی زیادتی

پہلے ان ہدایات کو غور سے پڑھیں: ان صفحات میں امراض کا علاج اور مشورہ ملے گا توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں کھولتے ہوئے خط پھٹ جاتا ہے۔ راز داری کا خیال رکھا جائے گا۔ روحانی مسائل کے لئے علیحدہ خط لکھیں۔ نام اور شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور تحریر کریں۔ نوجوانوں کے خطوط احتیاط سے شائع کیے جاتے ہیں ایسے خطوط کے لئے جوابی لفافہ لازم ہے کیونکہ اکثر خطوط اشاعت کے قابل نہیں ہوتے۔ **نوٹ:** وہی غذا کھائیں جو آپ کے لئے تجویز کی گئی ہے۔

چہرے پردانے

سوال: میری عمر تقریباً 28 سال ہے۔ میری جلد بہت چکنی ہے مجھے تقریباً دس بارہ سال سے چہرے پردانے نکل رہے ہیں جس کی وجہ سے چہرے پر گڑھے پڑ چکے ہیں جو بہت برے لگتے ہیں۔ اس کے علاوہ تین ماہ سے چہرے پر چھائیاں بھی پڑ گئی ہیں جس کی وجہ سے چہرہ اور بھی خراب لگتا ہے۔

حکیم صاحب! میں بہت پریشان ہوں بالخصوص آج کل تو چہرہ دانوں سے بھرا ہوا ہے۔ چھائیاں بھی پہلے کی نسبت بڑھ گئی ہیں۔ ہومیوپیتھی علاج کر رہی ہوں لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ میرا پیٹ عموماً خراب رہتا ہے۔ پیٹ کی خرابی پچھلے دو ماہ سے ہے۔ پہلے ایسی حالت نہیں تھی۔ ماہانہ ایام پہلے کچھ کم آتے تھے لیکن اب نارمل ہیں۔ (ثمینہ کوثر)

جواب: الرجی کے لئے ایک جواب میں پودینہ اجوائن کا نسخہ آپ بھی وہی مستقل استعمال کریں۔

ایک سال کا بیٹا

سوال: میرا مسئلہ یہ ہے کہ میرا سب سے چھوٹا بیٹا جس کی عمر ایک سال ہے ابھی بیٹھتا نہیں ہے۔ اور نہ ہی دانت نکالے ہیں۔ وہ ایک سال کا ہے۔ لیکن لگتا چھ ماہ کا ہے۔ ڈاکٹر کو چیک کروانے پر پتہ چلا کہ گردن میں سے جو رطوبت خارج ہوتی ہے۔ وہ بہت ہی کم خارج ہو رہی ہے۔ اور جن نالیوں سے یہ رطوبت خارج ہوتی ہے سارے جسم کے ساتھ ان کے کنکشن ہیں ہم اس وجہ سے بہت پریشان ہیں۔ ڈاکٹر کہتے ہیں کہ اس کی دوائی ساری عمر کھانی پڑتی ہیں۔ ہمارے پہلے بھی پانچ بچے ہیں۔ لیکن سب ماشاء اللہ صحت مند و تندرست ہیں۔ آپ کوئی ایسا وظیفہ بتائیں کہ ہمارا بیٹا ٹھیک ہو جائے آپ کی بڑی مہربانی ہوگی۔ یہ بھی بتایئے گا کہ وظیفہ اکٹھا ایک ہی دفعہ مکمل کرنا ہے۔ اگر آدھا کر لیں تو درمیان میں وقفہ ہو جائے تو دوبارہ شروع سے پڑھنا ہے یا جہاں سے چھوڑا ہو۔ کیونکہ میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں اکثر ایسا ہوتا ہے کہ نماز پڑھنا شروع کروں تو کوئی بچہ رونے لگ جاتا ہے۔ پھر اسے بہلا کر سنتیں دوبارہ پڑھتی ہوں۔ دوسرا مسئلہ میرے شوہر کا ہے میرے شوہر سرکاری سکول میں ٹیچر ہیں۔ سکول کے بعد ٹیوشن پڑھاتے ہیں۔ ان کی نظر دن بدن کمزور ہوتی جا رہی ہے ڈاکٹر نے آنکھ کے پردے میں نقص بتایا ہے۔ بلڈ پریشر بھی کبھی ہائی ہو جاتا ہے تھکاوٹ بہت زیادہ ہوتی ہے۔ محنت بھی بہت کرتے ہیں۔ سارے گھر کی ذمہ داری ان پر ہے۔ ان کیلئے بھی کوئی وظیفہ بتایئے کہ یہ ٹھیک ہو جائیں۔ ہم آپ کے بے حد شکرگزار ہوں گے۔ (روبینہ)

جواب: آپ چونکہ لاہور رہتے ہیں اس لئے بچہ بالمشافہ چیک کرائیں۔

شوگر کا موذی مرض

سوال: عرض ہے کہ میری والدہ صاحبہ عرصہ دس سال سے شوگر کے موذی مرض میں مبتلا ہیں۔ ایلو پیتھک اور ہومیو پیتھک علاج کرایا ہے۔ اس سے شوگر کبھی ختم ہو گئی تو کبھی تھوڑی بہت رہی اور کبھی زیادہ بھی ہوئی۔ مگر ان دوائیوں سے کنٹرول کرنے کی کوشش اب تک ہو رہی ہے۔ اب تو سیدھا پیر بھی بالکل حرکت نہیں کرتا۔ تقریباً چار سال ہو گئے ہیں اور ساتھ ساتھ سیدھے ہاتھ کی انگلیاں بھی منجمد ہو گئی ہیں۔ بڑے بڑے ڈاکٹروں کو دکھایا ہے لیکن کوئی فائدہ نہیں ہوا۔ ڈاکٹر بھی یہ بتاتے ہیں کہ فالج نہیں ہے۔ لیکن حرکت نہیں ہے۔ سیدھا ہاتھ تو کہنی سے مڑ گیا ہے۔ اور سینے کے ساتھ لگا رہتا ہے کھینچ کر سیدھا کرو تو پھر سیدھا ہوتا ہے لیکن جیسے ہی اپنا ہاتھ (جس سے پکڑ کر کھینچا تھا) ہٹاؤ تو پھر ان کا ہاتھ اسی طرح سینے سے لگ جاتا ہے۔ درد بھی بہت ہوتا ہے۔ پیر میں اور ہاتھ میں بھی۔ پکڑ پکڑ کر یا کسی کے سہارے سے چلتی ہیں۔ (طاہر جاوید)

جواب: محترم شوگر کی وجہ سے یہ تمام دیگر بیماریاں شروع ہوئی ہیں۔ آپ دراصل شوگر کا ہی علاج کریں۔ شوگر کا نسخہ رسالہ میں شائع ہوا ہے۔ بے شمار لوگوں کو فائدہ ہوا ہے۔ اکثر کو حیرت انگیز فائدہ ہوا ہے۔ چند کو نہیں ہوا آپ خود بنا لیں۔ مکمل کورس سات ڈبیوں کا ہوتا ہے۔ ایک ڈبی آٹھ سے دس دن تک ہوتی ہے۔

وزن کی زیادتی

سوال: میری عمر بتیس سال ہے۔ تین بچے ہیں قد ''5.7 اور وزن 103 کلو ہے جسامت چوڑی ہے مگر وزن کی زیادتی بے حد ہے۔ نسوانی تکلیف کوئی نہیں۔ ماہانہ نظام ٹھیک ہے مگر Discharge اکثر و بیشتر رہتا ہے۔ شاید اسی وجہ سے آنکھوں کے گرد حلقے ہیں۔ اصل مسئلہ وزن ہے بھوک بہت لگتی ہے۔ قبض نہیں ہے۔ ورزش اختیار کر کے چھوڑنے پر اس کے بے پناہ نقصانات اٹھانے پڑے ہیں۔ walk اس ماحول اور حالات میں ممکن نہیں ہوتی۔ خصوصاً نقاب لگا کر Brisk walking ممکن نہیں ہوتی۔ اب چار میل چلنا کم از کم ایک خاتون خانہ کیلئے ممکن نہیں۔ وزن کا تعلق تھائی رائڈ کی کارکردگی سے ہوتا ہے اس کے عمل پر جڑی بوٹیوں کے ذریعے اثر انداز ہوا جا سکتا ہے۔ Thyroxine جو کہ Artificial دی جاتی ہے اس کا کوئی بدل حکمت میں ہے۔ مجھے تھائی رائڈ کا کوئی مسئلہ نہیں ہے۔ الحمد اللہ (مسز مہرینہ کراچی)

جواب: بہن! آپ کی مجبوریاں بالکل درست ہیں۔ اگر آپ واک ممکن بنا سکیں تو بہتر ورنہ یہ نسخہ استعمال کریں۔ ورچ کچور ہموزن کوٹ پیس کر آدھا چمچہ صبح و شام شہد کے نیم گرم گھلے ہوئے پانی کے ہمراہ مستقل دو ماہ استعمال کریں۔ موٹاپے کی احتیاطیں 4 ''چ'' چاول، چینی چکنائی اور چٹ پٹی اشیاء ہیں۔

سر درد نزلہ زکام

سوال: میری عمر بارہ تیرہ سال ہے۔ میرے سر میں ہر وقت درد رہتا ہے۔ کبھی بہت زیادہ ہو جاتا ہے اور کبھی کم نزلہ و زکام ہر وقت لگا رہتا ہے۔ آنکھوں کے آگے اندھیرا چھا جاتا ہے۔ جس کی وجہ سے کم دکھائی دیتا ہے۔ کبھی آدھے سر میں بھی درد ہوتا ہے۔ میرے چہرے پر تل ہیں کالے اور بھورے رنگ کے جس کی وجہ سے میں بہت پریشان ہوں حکیم صاحب میرے لئے کوئی اچھا سا نسخہ بتائیں نوازش ہوگی۔ (ایک بیٹی)

جواب: نزلہ زکام اور چہرے پر تلوں کا مسئلہ دراصل دماغی کمزوری کی وجہ سے ہے آپ مندرجہ ذیل نسخہ کم از کم تین ماہ استعمال کریں۔ کھٹی ٹھنڈی بادی چیزوں سے مکمل پرہیز کریں۔ اطریفل اسطخدوش خمیرہ ابریشم حکیم طارق والا جوارش جالینوس معجون عشبہ۔ کسی اچھے دواخانہ کا لے کر اوپر لکھی ترکیب کے مطابق استعمال کریں۔

شب کوری

سوال: حکیم صاحب میں نے نومبر میں آپ کو اپنے بارے میں لکھا تھا جس کا جواب مجھے دسمبر کے شمارے میں مل گیا تھا جس میں آپ نے بتایا تھا کہ مجھے شب کوری کا مرض ہے۔ اور اس کیلئے مجھے روزانہ تازہ بکرے کی تلی لیکر اس پر سورۃ والضحیٰ سات بار پڑھ کر پکا کر کھانی ہے اور چند ماہ یہ عمل کرنا ہے حکیم صاحب میں نے چند دن یہ عمل کیا لیکن منگل اور بدھ کو گوشت

کا ناغہ ہوتا ہے۔اس لئے تازہ تلی ملنا مشکل ہے دوسرے تلی سے مجھے متلی ہوتی ہے اور روزانہ تلی لانے کا مسئلہ بھی ہے کیونکہ ہم چار بہنیں ہی ہیں۔ متوسط گھرانے سے تعلق رکھتی ہیں۔ برائے مہربانی مجھے اس مرض کا کوئی دوسرا علاج بتائیں۔ میں بہت مایوس ہو چکی ہوں اور میرا مسئلہ دن بدن خراب ہوتا جا رہا ہے۔اب تو میرے سامنے کوئی بیٹھا ہوا ہو تو میں بات تو اس سے کر رہی ہوتی ہوں لیکن دیکھ کہیں اور ہی رہی ہوتی ہوں۔اب تو لوگوں نے مجھے ٹوکنا شروع کر دیا ہے کہ کہاں دیکھ رہی ہو کئی دفعہ سامنے والی چیز مثلاً سیڑھی یا کوئی ٹریفک بھی نظر نہیں آتی میں بہت پریشان ہوں۔رات کو میں بالکل باہر نہیں جا سکتی ریفلیکشن کا بھی چکر ہے مجھے لگتا ہے جب سے میرا ایکسیڈنٹ ہوا تھا اسی وقت سے میرے ساتھ یہ مسئلہ ہے اب تو دن بدن مزید خراب ہوتا جا رہا ہے ایلو پیتھک میں تو اس کا علاج نہیں اللہ اللہ کر کے آپ کی طرف سے امید بندھی لیکن گوشت کے ناغے اور کچھ مجبوریوں کے باعث مسلسل علاج نہ کر سکی۔ بہت پریشان ہوں دن بدن نظر میں کمی ہو رہی ہے۔اگر کلونجی کے ذریعے یا کسی اور چیز کے ذریعے علاج ممکن ہے تو مہربانی فرما کر میری مدد کریں۔

برائے مہربانی ایسا نسخہ تجویز کیجئے گا کہ میں ایک دفعہ بازار سے لے آؤں اور تقریباً ہفتہ دس دن استعمال کر سکوں یہ بھی بتائیے گا کہ پرہیز کیا کرنا ہے اور مزید کیا احتیاط کر سکتی ہوں۔ (نغمہ فیصل آباد) جواب: یہ سرمہ بنا کر آنکھوں میں چند ماہ ڈالیں نوشادر پھٹکڑی دونوں دو دو تولہ کسی نہ گھسنے والی کھرل میں سرمہ زیادہ باریک کریں (اور ایک ایک سلائی آنکھوں میں ڈالیں۔)

بھوک نہیں لگتی

سوال: میرا مسئلہ یہ ہے کہ مجھے بھوک نہیں لگتی کھانا کھانے کو دل نہیں کرتا۔ بلکہ روٹی منہ میں ڈالتے ہی قے ہونے لگتی ہے بھوک بھی لگتی ہے لیکن کھانے کے سامنے آنے پر ایسا ہوتا ہے جیسے بھوک تھی ہی نہیں۔بھوک لگانے والی گولیاں شربت بھی پی کر دیکھے وقتی طور پر تو فرق آتا ہے جب تک دوائی استعمال کرتی رہوں ٹھیک رہتی ہوں پھر ویسے ہی بھوک نہیں لگتی۔آپکا کالم دیکھا تو اس امید کے ساتھ کہ شاید کوئی حل نکل آئے آپ کو اپنا مسئلہ لکھ رہی ہوں۔

اکثر سر میں درد رہتا ہے۔کبھی دائیں طرف کبھی بائیں طرف چکر آتے ہیں۔درد شدید ہوتا ہے۔اکثر جب خالی پیٹ رہوں تو ٹھیک رہتی ہوں لیکن جیسے ہی کھانا کھاؤں گی درد شروع ہو جاتی ہے۔نیند آتی ہے۔کمزوری محسوس ہوتی ہے۔اور اکثر ایسی حالت میں جب تک قے نہ ہو فرق نہیں پڑتا۔آدھے سر میں درد کے ساتھ آنکھ کا جبڑا ابھی درد محسوس کرتا ہے۔مجھے کوئی ایسی دوا تجویز کریں جو بھوک لگائے تا کہ میری صحت بھی اچھی ہو میں موٹا بھی ہونا چاہتی ہوں۔ زیادہ موٹا بھی نہیں لیکن اتنا زیادہ قد ہے تو اگر صحت اچھی ہو گی تو بہتر نظر آؤں گی مجھے اکثر قبض بھی رہتی ہے۔

دوسرا مسئلہ میرے بھائی کا ہے سال پہلے ڈاکٹر نے اسے یرقان بتایا تھا۔ساتھ ہی اس کے دل میں وہم ڈال دیا کہ تم نہیں بچو گے تمہارے کچھ ہی دن ہیں۔اس دن سے بھائی مایوس ہو گیا ہے۔اس کو بہت سمجھایا کہ ایسا کچھ نہیں ہے علاج بھی کروایا۔اب وہ بہتر ہے کمزور ہے تقریباً مجھ سے اس کا قد زیادہ ہے اب اس نے کلب جانا شروع کر دیا ہے۔غذا بھی ٹھیک لیتا ہے لیکن چہرہ بہت کمزور سا لگتا ہے کوئی دوا تجویز کریں۔جس سے اس کی صحت بہتر ہو جائے اور چہرہ روشن لگے۔(بشریٰ یوسف)

جواب: بہن آپ جوارش کمونی جوارش شاہی دونوں میں سے ایک ایک چمچہ دن میں 3 بار پانی کے ہمراہ استعمال کریں۔ ایک ماہ بھائی شربت دینا 3 چمچہ بڑے دن میں 4 بار استعمال کریں۔۔2 ماہ میں آپ کا بھائی انشاءاللہ تندرست ہو جائیگا۔

مریضوں کی منتخب غذائیں

غذا نمبر 1	غذا نمبر 2
مٹر، لوبیا، ارہر، موٹھ، ہرا چھولیا، کچنا، سبز مرچ، کوئی ترشی باجرے کی رو؛ی، بوڑھ کی داڑھی یا انجبار کا قہوہ، اچار لیموں، مربہ، آملہ، مربہ ہریڑ، مربہ بہی، مونگ پھلی، شربت انجبار، سکنجبین، جامن، فالسہ، انار ترش، آلوچہ، آڑو، آلو بخارا، چکوترا، ترش پھلوں کا رس	انڈے کی زردی، بڑا گوشت، مچھلی بیسن والی، چنے، کریلے، ٹماٹر، حلیم، بڑا قیمہ اور اس کے کباب، پیاز، کڑہی، بیسن کی روٹی، دارچینی، لونگ کا قہوہ، سرخ مرچ، چھوہارے، پستہ، بھنے ہوئے چنے، جاپانی پھل، ناریل خشک، مویز (منقیٰ)، بیسن کا حلوہ، عناب کا قہوہ
غذا نمبر 3	**غذا نمبر 4**
بکری یا مرغی کا گوشت، پرندوں کا گوشت، میتھی، پالک، ساگ، بینگن، پکوڑے، انڈے کا آملیٹ، دال مسور، ٹماٹو کیچپ، مچھلی شوربہ والی، روغن زیتون کا پراٹھا میتھی والا، لہسن، اچار ڈیلے، چائے، پشاوری قہوہ، قہوہ اجوائن، قہوہ تیزپات، کلونجی، کھجور، خوبانی خشک۔	دال مونگ، شلجم پیلے، مونگرے، چھوٹا مغز اور پائے، نمکین دلیہ، آم کا اچار، جو کے ستو، کالی مرچ، مربہ آم، مربہ ادرک، حریرہ بادام، حلوہ بادام، قہوہ، ادرک شہد والا، قہوہ سونف، پودینہ، قہوہ زیرہ سفید، زیرے کی چائے، اونٹنی کا دودھ، دیسی گھی، پپیتہ، کھجور تازہ، خربوزہ، شہتوت، کشمش، انگور، آم شیریں، گلقند دودھ، عرق سونف، عرق زیرہ، مغز اخروٹ
غذا نمبر 5	**غذا نمبر 6**
بھٹے کے چند دانے لے کر ان کا جوس نکال لیں۔ جوس میں سے نکلنے والا سفید مادہ چہرے اور گردن پر لگا کر اسے سوکھنے دیں اور پھر نیم گرم پانی سے دھو لیں۔ جلد تروتازہ ہو جائے گی۔

ہماری طرز زندگی اور غذائی عادات

موجودہ دور میں جہاں بہت سی چیزوں میں تبدیلیاں آئی ہیں، ہماری طرز زندگی اور غذائی عادات میں بھی تبدیلیاں آئی ہیں۔ ہم غذا کو چھان پھٹک کر بھون کر اس کی غذائیت ختم کر کے اپنے دسترخوان کی زینت بناتے ہیں، حالانکہ غذا کا اصل کام ہمارے جسم کی نشوونما اور بیماریوں کے خلاف قوت مدافعت دینا ہے اور یہ ہی کام ہم غذا سے نہیں لیتے۔ ہمارے جسم کا ایک ایک ذرہ غذا سے بنتا ہے، جو ہم نے کسی بھی وقت استعمال کی تھی۔ خوراک ہی ہمارے جسم میں طاقت پیدا کرتی ہے۔ یہ نئے رگ و ریشے بناتی ہے، پرانے رگ و ریشے کی مرمت کرتی ہے، اس لئے ہمیں غذا کے معاملے میں خاص محتاط ہونے کی ضرورت ہے۔ کسی قسم کی خوراک ہمارے لئے فائدہ مند یا نقصان کا باعث بن سکتی ہے۔

متوازن خوراک جہاں ہماری صحت کیلئے مفید ہے، وہاں وہ ہماری حسن و دلکشی کے لئے بھی اہم کردار ادا کرتی ہے۔ اس کے علاوہ آدھا گھنٹہ چہل قدمی، ورزش بھی آپ کے حسن کو دوبالا کرتی ہے چہرے کی ورزش سے بھی آپ اپنی لٹکی ہوئی جھریوں والی بے رونق جلد کے عضلات کو بحال کر سکتی ہیں۔ جب بھی موقع ملے جہاں بھی ملے صاف ہوا میں آٹھ دس مرتبہ گہرے سانس لینے کی مشق کرتے رہئے۔

سن باتھ

سن باتھ۔ شمسی توانائی آپ کی جلد کی قدرتی چمک میں اضافہ کر کے اسے خوبصورت بناتی ہے۔ تیز دھوپ میں سن باتھ نہیں لیا جا سکتا۔ اس سے جلد کو نقصان پہنچ سکتا ہے۔ بغیر کلف، ہلکے پھلکے لباس جس میں ہوا اور روشنی کا گزر ہو، پہن کے صبح کے وقت سن باتھ کھلی فضا میں کرتے ہیں۔ اس عمل میں دس منٹ تک سورج کی شعاعوں میں ٹہلتے ہیں، جس سے جلد کی توانائی میں اضافہ ہوتا ہے اور جلدی غدود بہتر کام کرنے لگتے ہیں۔

ایک زمانہ تھا جب عید کی شب لڑکیاں بالیاں مہندی کے کٹورے لے کر بیٹھ جاتی تھیں۔ سکھیاں خوشی کے گیت گاتی تھیں اور ایک دوسرے کو مہندی لگاتی تھیں۔ آج خشک مہندی گھول کر لگانے کا تصور متروک ہو چکا ہے اور اس کی جگہ کون مہندی نے لے لی ہے اور کون مہندی کے ڈیزائن کو مزید نکھارنے اور دلکش و دیدہ زیب بنانے کیلئے گلٹر مہندی آ گئی ہے۔ اس کے ساتھ ہی مہندی لگانے کے خوبصورت نمونے آئے دن شائع ہوتے ہیں۔ ان کی مدد سے آپ اپنے ہاتھوں، کلائیوں اور پیروں پر خوبصورت ڈیزائین بنائیں، چمکتی دمکتی دلکش رنگت، خوبصورت لباس اور مہندی لگے ہاتھوں کے ساتھ تہوار منانے کی بات ہی دوسری ہے۔

عام گھریلو بیماریوں کا آسان علاج

آئے دن ہونے والی بہت سی معمولی بیماریوں کا علاج عام جڑی بوٹیوں سے بہ آسانی کیا جا سکتا ہے۔ ایک آدھ ہفتہ ان کے استعمال سے جسم کی قدرتی صلاحیت شفا کو بڑی مدد ملتی ہے۔ بلکہ یوں یہ صلاحیت اور قوی ہو جاتی ہے۔ جسم کسی غیر معمولی حرج کے بغیر زیادہ عمدگی کے ساتھ اپنا کام انجام دینے لگتا ہے۔ بہت تیز دوائیں اگر مرض کا خاتمہ کرتی ہیں تو جسم کو بھی کمزور کر دیتی ہیں۔

نزلہ زکام کیلئے بنفشہ کی چائے:

۳ گرام بنفشہ کی چائے عام موسمی نزلے زکام کیلئے بہت مفید رہتی ہے۔ گل بنفشہ پانی میں جوش دے کر یا چائے کی طرح دم دے کر چھان کر صبح و شام سادہ یا چینی ملا کر گرم گرم پینے سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔

لہسن

اسی طرح لہسن بھی ایک مفید دوا ہے۔ چوں کہ اس میں ضد حیوی (اینٹی بایوٹک) خصوصیت بھی ہوتی ہے۔ اسلئے یہ بھی نزلے زکام کی ابتداء میں خاص طور پر بہت مفید ثابت ہوتا ہے۔ اس کے استعمال سے نزلے کے جراثیم ہلاک ہوتے ہیں۔ گلے اور حلق وغیرہ کی خراش اور دکھن دور ہو جاتی ہے۔ اس کی دو تین چھلی ہوئی کلیاں تراش کر نگلنی چاہئیں یا پھر روٹی کے ساتھ انہیں کھانا چاہئے۔

رائی

رائی بھی سخت سردی لگ جانے کا ایک مفید علاج ہے۔ بارش، برف باری وغیرہ میں بھیگ جانے والوں کو اس سے بڑا فائدہ ہوتا ہے۔ ایک بڑا چمچ رائی لے کر پیس لیں اور پانی ملا کر اس کی لئی سی بنا لیں۔ اب کسی گہرے برتن میں قابل برداشت گرم پانی ڈال کر اسے اس میں گھول لیں اور پیر پنڈلیوں تک ڈبوئیں۔ اسی پانی میں تولیہ بھگو کر نچوڑ کر اس سے گلے، سینے اور پیٹھ کی سنکائی سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔ دس پندرہ منٹ یہ عمل کر کے گرم چادر، لحاف وغیرہ اوڑھ کر سو جانا چاہئے۔ اس سے گلے کی تکلیف کے علاوہ کھانسی کو بھی آرام آ جاتا ہے۔

گلے کی خراش کیلئے لیموں کے غرارے

ایک پیالی گرم پانی میں ایک چوتھائی لیموں نچوڑ کر غرارے کریں۔ اس سے گلے کی خراش کم ہو جائے گی۔ اس پانی میں گلے کا ورم دور کرنے کی صلاحیت بھی ہوتی ہے۔ اس کے ساتھ سادہ چائے کے غرارے بھی کرنے چاہئیں۔ مناسب یہ ہے کہ ایک ایک گھنٹے کے وقفے سے لیموں کے پانی اور چائے کے پانی سے غرارے کرتے رہیں۔

کھانسی کے لئے ملیٹھی

ملیٹھی کھانسی کی ایک نہایت موثر اور مفید دوا ہے۔ تھوڑی ملیٹھی منہ میں ڈال کر چوسیں یا سادہ پانی میں ڈال کر چبائیں اور لعاب آہستہ آہستہ نگلیں۔ ملیٹھی کو گرم پانی میں بھگو کر چھان کر پینے سے بھی بہت فائدہ ہوتا ہے۔

یوکلپٹس آئیل

اسی درخت کا تیل ہے جو ان دنوں پاکستان میں ہر جگہ نظر آ رہا ہے۔ یہ سفیدہ کہلاتا ہے۔ اس کے پتوں میں بڑی خوش گوار مہک ہوتی ہے۔ یہ تیل کھانسی کے شربتوں اور دیگر دواؤں کے علاوہ غرغرے اور مالش کی دواؤں میں بھی

بکثرت استعمال ہوتا ہے۔ گلے کی تکلیف کے لئے تیار ہونے والی گولیوں میں شامل کیا جاتا ہے۔ سینے کی جکڑن، کھانسی وغیرہ کیلئے اس تیل کی سینے، پیٹھ اور گلے پر مالش سے بہت فائدہ ہوتا ہے۔ ناک کی سوجن دور ہو جاتی ہے اور سانس لینے میں آسانی ہو جاتی ہے۔ اس کے قطرے گرم پانی میں ڈال کر بھاپ میں سانس لینے سے بھی بہت آرام ہو جاتا ہے۔ سر میں درد ہو تو پیشانی اور کنپٹیوں پر ایک دو قطروں کی مالش کرنی چاہئے۔ رومال پر ایک دو قطرے ڈال کر سونگھتے رہنا بھی ایک مؤثر تدبیر ہے۔ یہ سانس کی نالیوں کو کھول کر بلغم کے اخراج میں مدد دیتا ہے۔ سادہ چینی ایک چمچہ میں ایک دو بوندیں ملا کر کھانا بھی مفید ہوتا ہے۔

پیٹ میں درد کے لئے

یہ تکلیف بچوں اور بڑوں سبھی کو لاحق ہوتی رہتی ہے۔ بازاری کھانوں، زیادہ چٹ پٹی اشیاء وغیرہ کے استعمال سے پیٹ میں درد ہوتا ہے۔ اس کیلئے:

دارچینی کا سفوف

یہ سفوف بہت مفید رہتا ہے۔ (چائے کا) آدھا چمچہ دارچینی کا سفوف، ایک گلاس بغیر بالائی کے دودھ یا پانی میں ملا کر پینے سے آرام ہوتا ہے۔ درد دور ہونے تک یہ عمل جاری رکھنا چاہیے۔

تازہ (سبز رنگ کے) سونف ایک چائے کے چمچے بھر منہ میں ڈال کر چبائے اور اس کا رس نگلنے سے بھی درد میں کمی آجاتی ہے۔ پیٹ میں موجود گیس خارج ہو جاتی ہے۔ اس مقصد کے لئے اس کے ساتھ تھوڑا سا کالا نمک ملا لینے سے بہت جلد آرام ہوتا ہے۔

اجوائن

یہ بھی اکثر گھروں میں ہوتی ہے۔ آدھا چائے کا چمچہ اجوائن چبا کر کھانے اور اوپر سے پانی پینے سے گیس کی تکلیف اور درد دور ہوتا ہے۔ اجوائن بھوک بڑھاتی ہے بلکہ کھانسی کا بھی ایک مفید علاج ہوتی ہے۔

دست اور اسہال کے لئے

دست اور اسہال کی تکلیف بھی بہت عام ہے۔ یہ بھی خراب پانی اور غذاؤں کا نتیجہ ہوتی ہے۔ زیادہ دست کی وجہ سے جسم کا پانی اور نمک خارج ہو جاتے ہیں۔ ان کی بحالی کے لئے درج ذیل تدابیر مناسب ہیں۔

سرکہ: اصلی سرکہ ایک چمچہ لے کر صاف پانی کے ایک گلاس میں ملا لیں اور تھوڑا سا نمک شامل کر کے پلائیں۔

کیلا: دو چار اچھے نرم کیلوں کو خوب چبا کر کھائیں۔ اس ترکیب سے بھی پیٹ میں مروڑ کے علاوہ دست کی تکلیف دور ہو جاتی ہے۔

اسلام اور رواداری

پیغمبرِ اسلام ﷺ کا غیر مسلموں سے مثالی حسن سلوک

بحیثیت مسلمان ہم جس بااخلاق نبیؐ کے پیروکار ہیں ان کا غیر مسلموں سے مندرجہ ذیل سلوک کیا تھا ہم اپنے گریبان میں جھانکیں، ہمارا عمل، سوچ اور جذبہ غیر مسلموں کے بارے میں کیا ہے؟ فیصلہ آپ خود کریں۔

واقعہ افک میں رسول اللہ ﷺ کی بردباری: رسول اللہ ﷺ کی زندگی کا ازحد تکلیف دہ واقعہ ''افک'' تھا۔ منافقین نے آپ کی پاک دامن زوجہ مطہرہ سیدہ عائشہ صدیقہ سلام اللہ علیہا پر (نعوذ باللہ من ذالک) تہمت لگائی۔ منافقین نے اس بے بنیاد واقعہ کو اس قدر شہرت دی کہ پورا مدینہ اس شرانگیز پروپیگنڈہ کی زد میں تھا۔ اس کے نتیجہ میں مدینہ کی مسلم سوسائٹی بحران کا شکار تھی اور خود سرکار دوعالم ﷺ بھی ازحد پریشان تھے لیکن اس انتہائی تکلیف دہ اذیت ناک حالات میں بھی آپ ﷺ نے حلم وبردباری کا دامن ہاتھ سے نہ چھوڑا۔ ایک مرتبہ سرکار دوعالم ﷺ سیدنا سعد بن عبادہؓ کی عیادت کے لئے سواری پر تشریف لے جارہے تھے۔ راستہ میں لوگوں کا ایک مجمع تھا۔ شاید کوئی میٹنگ ہو رہی تھی۔ آپ رکے تو اس اجتماع میں موجود عبداللہ بن ابی رئیس المنافقین نے سواری کی گرد کی وجہ سے چادر ناک پر رکھ لی اور کہا: ''دیکھو گرد نہ اڑاؤ'' سرکار دوعالم ﷺ نے اس اجتماع کا فائدہ اٹھاتے ہوئے لوگوں کو دعوت اسلام دی۔ عبداللہ بن ابی نے کہا: ''اے شخص! جو تم کہہ رہے ہو وہ مجھے اچھا نہیں لگا۔ اگر یہ حق ہے تو ہمیں مجلس میں تنگ نہ کرو اور جہاں سے آئے ہو وہیں چلے جاؤ۔ ہم میں سے جو تمہارے پاس آئے اسے سنانا۔''

اس کی یہ بات سن کر سیدنا عبداللہ بن رواحہؓ نے کہا: ''آپ ضرور تشریف لائیں گے۔'' اس پر اس نے کچھ تلخ سا جواب دیا۔ بات کچھ زیادہ بڑھ گئی اور تلواریں نکل آئیں لیکن سرکار دوعالم ﷺ نے سمجھا بجھا کر معاملہ ٹھنڈا کر دیا۔ اس اجتماع سے اٹھ کر آپ سیدنا سعد بن عبادہؓ کے پاس تشریف لائے اور ان سے فرمایا: ''تم نے عبداللہ کی باتیں سنیں؟ سیدنا سعد بن عبادہؓ نے عرض کیا: ''یارسول اللہ! آپ اس شخص کی ان باتوں کو محسوس نہ کریں۔ یہ وہ شخص ہے جس کے لئے آپ ﷺ کی آمد سے قبل اہل مدینہ نے ریاست کا تاج تیار کر لیا تھا تاکہ اسے پہنائیں۔ (اور اسے اپنا بادشاہ بنائیں) جب حق کی وجہ سے جو اللہ جل شانہ نے آپ ﷺ کو عطا کیا ہے، یہ منصوبہ ناکام ہو گیا تو اسے شرمندگی ہوئی۔'' (اور اس شرمندگی کی وجہ سے یہ ایسی اول فول باتیں کرتا ہے)

اس قسم کے بے شمار واقعات آپ کی زندگی میں ملتے ہیں جن سے یہ ثابت ہوتا ہے کہ آپ نے نہایت ناپسندیدگی اور انتہائی ناگواری کے احوال وکیفیات میں بھی صبر وتحمل کے دامن کو ہاتھ سے نہیں چھوڑا اس سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ اللہ تعالیٰ کی صفت حلم کا بہترین مظہر اور پرتو تھے۔ آپ نے امت کو بھی یہی تلقین کی کہ مشکل اور ناپسندیدہ حالات میں حلم وبردباری کو نہ چھوڑیں۔

خاموشی بہت بڑی حکمت عملی ہے۔

قیمتی لمحات ضائع کر رہے ہیں

(جاوید اقبال۔ کراچی)

دیکھا کہ سفید پینٹ شرٹ میں ملبوس خون میں لت پت ایک غار میں ایک لاش پڑی ہے میں آگے بڑھ کر اس کو پلٹتا ہوں تو وہ میری لاش ہوتی ہے میں فکر مند ہو جاتا ہوں پھر اپنے آپ کو تسلی دیتا ہوں کہ میں تو زندہ ہوں شاید یہ خواب ہے بالکل یہی خواب میں اکثر و بیشتر تقریباً ۲۰ سال سے دیکھ رہا ہوں کبھی پہاڑ پر اور کبھی غار پر مہربانی فرما کر تعبیر بتائیے۔

تعبیر

آپ کی عمر دراز ہوگی لیکن ایسا لگتا ہے کہ آپ اپنی عمر کے قیمتی لمحات ضائع کر رہے ہیں اور تعلق مع اللہ میں بہت سستی کرتے ہیں اس لئے اپنے آپ کو سنواریں اور ترقی کریں۔

کئی محبوب ہر جائی ہونے کی علامت ہے

(رمشا۔ دبئی)

میری بہن نے خواب میں دیکھا کہ میری شادی کہیں اور ہو رہی ہے سب آئے ہوئے ہیں عابد بھی آتا ہے اور بہت اداس ہے کہتا ہے بس ایک دفعہ اس کی شکل دیکھنے دو پھر میں چلا جاؤں گا۔ میری بہن انکار کر دیتی ہے اور کہتی ہے کہ آپ نے رمشا کے ساتھ اچھا نہیں کیا۔ یہ سن کر وہ اور زیادہ شرمندہ اور اداس ہو جاتا ہے۔

تعبیر

آپ کے استخارہ کے مطابق عابد ہرگز آپ کی زندگی میں نہیں آ سکتا اور نہ ہی آپ اس کا انتظار کریں نیز وہ ہر جائی قسم کا آدمی ہے اس کی محبت بہت سے محبوبوں میں بٹی رہے گی تو پھر آپ کو سکھ کیسے ملے گا۔ بہر کیف آپ صبح و شام اکیس بار سورۃ الضحیٰ پڑھ کر بہتر مستقبل کی دعا کریں۔

نماز کی پابند کریں

(طاہر۔ راولپنڈی)

میں نے دیکھا کہ میں اور میرا کزن عصر کی نماز با جماعت پڑھ رہے ہیں۔ ہماری دو رکعتیں جماعت سے رہ گئی ہیں۔ امام صاحب کے سلام پھیرنے کے بعد ہم دونوں اپنی نماز پوری کرنے کے لئے کھڑے ہوتے ہیں تو میں دیکھتا ہوں کہ ایک کیڑا جو تقریباً ۴ انچ لمبا ہوتا ہے میرے کزن کے آگے سجدے والے مقام پر آ جاتا ہے میں دل میں سوچتا ہوں کہ یہ کہیں اسے کاٹ نہ لے پھر وہ کیڑا میرے قدموں کی طرف آ جاتا ہے میں سمجھتا ہوں کہ وہ میری شلوار میں گھس گیا ہے مگر جب سلام پھیرنے کے بعد دیکھتا ہوں تو کچھ بھی نہیں ہوتا۔

تعبیر

آپ نماز کی پابندی رکھیں ورنہ جسمانی مرض کا اندیشہ ہے جو تکلیف دہ بھی ہو سکتا ہے خصوصاً نماز عصر میں غالباً آپ کوتاہی کر جاتے ہیں۔

رکاوٹ ہے

(انیلا۔ سکھر)

میں نے خواب میں اکثر دیکھا کہ جس شخص کو میں پسند کرتی ہوں وہ میرے گھر آیا ہوا ہے سب گھر والوں سے ملتا ہے۔ وہ آتا تو مجھ سے ملنے ہے میں منع کر دیتی ہوں اس طرح وہ ہمارے گھر کے کافی دفعہ چکر لگاتا ہے جیسے بھی مجھے اس کی آمد کی خبر ہوتی ہے میں کمرے سے نہیں نکلتی پھر فون کرتا ہے فون پر بلاتا ہے میں نہیں جاتی۔ اس خواب کی تعبیر بتا دیجئے۔

تعبیر

ایسا لگتا ہے اس رشتہ کے ہونے میں رکاوٹ ہے وہ ہے بھی آپ کی طرف سے۔ اس لئے اگر نیک نیتی کے ساتھ یہ رشتہ منظور ہے تو اپنے بڑوں کے ذریعہ رابطہ کر کے بات آگے بڑھائیں۔

بیٹی کا اشارہ

(محمد حنیف۔ راولپنڈی)

میں نے خواب دیکھا کہ میری دوسری شادی ہوئی ہے میری پہلی بیوی اور میری بہن کمرے میں بیٹھی ہیں اور میری دوسری بیوی نے سفید سوٹ پہن رکھا ہے اور مجھ سے فاصلے پر بیٹھی ہے میرے پاس نہیں آ رہی۔

تعبیر

آپ دوسری شادی کا خیال ہرگز دل میں نہ لائیں کیونکہ خواب کے مطابق دوسری شادی اذیت و پریشانی کا باعث ہو سکتی ہے نیز یہ بھی اشارہ ہے کہ اولاد میں بیٹی کی ولادت ہو۔

غلط فہمی

(تبسم۔ سرائے عالم گیر جہلم)

ہم گھر والے گاڑی میں ایک کپڑے کی دکان پر جاتے ہیں۔ رات کا وقت تھا اور وہ دکان مارکیٹ سے ہٹ کر تھی۔ گاڑی میرا بھائی چلاتا ہے وہاں پر میں سبز رنگ کے پاجامے کے ساتھ ایک قمیص میچ کرتی ہوں۔ قمیص خوبصورت تھی اور شیشوں والی تھی مجھے پسند آتی ہے مگر امی کہتی ہیں کہ اس کا شیڈ ہلکا ہے وہ میچ نہیں کر رہی پھر اچانک میرے والد مجھے زور زور سے ڈانٹنا شروع کر دیتے ہیں میں دیکھ کر سوچتی ہوں کہ امی ابو کو منع نہیں کر رہیں۔ میں بینچ پر بیٹھ جاتی ہوں۔ میں شدید پریشان ہو جاتی ہوں یا شاید رونا شروع کر دیتی ہوں۔ دکان میں کافی لوگ تھے۔

تعبیر

آپ کے خواب میں یہ اشارہ ہے کہ آپ کو انشاء اللہ خوشحال زندگی نصیب ہوگی اگرچہ والد صاحب کو کچھ غلط فہمی ہو سکتی ہے اس سے ہرگز نہ گھبرائیں۔

تابعدار اولاد

(مہر۔ حیدر آباد)

میں نے دیکھا ہے کہ میں امید سے ہوں اور میرے ہاں ایک بیٹا پیدا ہوا ہے اور میرے ارد گرد عورتیں جمع ہو جاتی ہیں وہ عورتیں بہت خوش ہوتی ہیں۔

تعبیر

آپ کو مالی خوش حالی عطا کی جائے گی نیز آپ کی اولاد آپ کی تابعدار اور خدمت گار ہوگی۔

بغیر آواز کے رونا خوشیاں لاتا ہے

(فوزیہ بشیر۔ اسلام آباد)

دیکھتی ہوں کہ میری منگنی ہو رہی ہے اور میں مسلسل روئے جا رہی ہوں۔

پھر میں نے دیکھا کہ کچھ لوگ رشتہ لے کر ہمارے گھر آئے ہیں اور بات طے ہو جاتی ہے۔ اس خواب میں بھی میں رو رہی ہوں اور رو رو کر میری آنکھیں سوج گئی ہیں۔ میں نے خواب میں ہمیشہ اپنے آپ کو روتے ہوئے دیکھا ہے برائے مہربانی مجھے اس کی تعبیر بتائیں میں بہت پریشان رہتی ہوں آخر رونے کا کیا سبب ہے۔

تعبیر

اگر بغیر آواز اور چیخ و پکار کے روتی ہیں تو خوشیوں کی علامت ہے اور خواب کے مطابق بہترین رشتہ نصیب ہوگا لیکن اگر آواز کے ساتھ روتی ہیں تو پریشانی اور اذیت کا اشارہ ہے نیز رشتہ میں رکاوٹ رہے گی جس کے لئے آپ سورۂ شوریٰ کی آیت نمبر ۱۹ روزانہ تین سو ساٹھ بار پڑھ کر دعا کر لیا کریں اول و آخر گیارہ بار درود شریف۔

جہالت افلاس کی بدترین قسم ہے۔

ناریل کے دلچسپ فائدے، انوکھے خواص

مراسلہ: رمضان

نام: ناریل کو گولہ اور ناریل بھی کہتے ہیں اس کا عربی نام نارجیل جوز ہندی، فارسی نام نارگیل، سنسکرت نام ناری کیل اور انگریزی نام کوکونٹ ہے۔

ماہیت: ناریل مشہور پھل ہے اس کے درخت کی شکل تاڑ اور کھجور سے مشابہ ہوتی ہے انہی درختوں کے پتوں جیسے اس کے پتے ہوتے ہیں جن میں کلیاں آتی ہیں، پھول کھلتے ہیں اور پھر لکڑی کے ایک سخت گولے جیسا پھل لگتا ہے جس کے اوپر سخت ریشہ دار غلاف چڑھا رہتا ہے۔ ان ریشوں کو اتارنے کے بعد ایک دوسرا سخت غلاف برآمد ہوتا ہے اس کو توڑنے پر اندر سے گول سفید مغز نکلتا ہے جو ناریل یا مغز نارجیل کہلاتا ہے۔ کچے ناریل کے اندر دودھ جیسا سفید پانی بھرا رہتا ہے۔ یہ دودھ رفتہ رفتہ غلیظ ہو کر جم جاتا ہے اور ناریل بن جاتا ہے جو بطور ایک پھل کے تازہ بھی کھایا جاتا ہے، خشک بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

مقام پیدائش

ناریل کے درخت خطِ استواء کے قریب کے علاقوں میں پیدا ہوتے ہیں۔ بحرِ ہند کے بعض جزیروں خصوصاً لنکا (سیلون) میں کثرت سے ہوتا ہے۔ لنکا کے باشندوں کے لئے ناریل بڑی کام کی چیز ہے بلکہ ان کی زندگی کا دارومدار ایک حد تک اسی پر ہے۔ وہ اس کو کھاتے ہیں، اس کا دودھ پیتے ہیں، اس میں کھیر پکا کر کھاتے ہیں، اس سے تاڑی اور سرکے بناتے ہیں، اسی سے ایک قسم کی شکر بھی تیار کرتے ہیں، چائے اور قہوے کے ساتھ بھی دودھ اور شکر ملا کر پیتے ہیں۔ خشک ناریل سے تیل نکالتے ہیں جو تازہ اور خالص ہونے کی حالت میں لذیذ اور خوشبودار ہوتا ہے، سردیوں میں گھی کے مانند جم جاتا ہے اس کو گھی کے بجائے کھاتے ہیں، اسی سے مٹھائیاں بناتے اور اسی کو چراغ میں جلاتے ہیں، اس سے مکھن بھی بناتے ہیں اور مکھن کی طرح استعمال کرتے ہیں جو آسانی سے ہضم ہو جاتا ہے، بدن کو قوت دیتا ہے اور جراثیم سے محفوظ رکھتا ہے۔

ستر سال کے بعد ناریل کا درخت بوڑھا ہو جاتا ہے پھر اس میں پھل نہیں آتا اس وقت اس کو کاٹ دیا جاتا ہے اور اس کی لکڑی سے کڑیاں، ستون اور گھر میں کام آنے والی دوسری چیزیں بناتے ہیں پتوں سے پنکھے تیار کرتے ہیں، پتوں کی ڈنڈیاں، باریک باریک تراش کر جھاڑو کا کام لیتے ہیں

غرض اس درخت کی ہر چیز کارآمد ہے۔ اس سے سری لنکا والے ہی مستفید نہیں ہوتے بلکہ ہندوستان و پاکستان بھی اس سے فائدہ اٹھاتے ہیں۔

مزاج: ناریل گرم وتر ہے۔

افعال و استعمال

ناریل تازہ اور خشک دونوں حالتوں میں بطور پھل اور میوے کے کھایا جاتا ہے اس سے غذائی فوائد بھی حاصل ہوتے ہیں اور دوائی بھی۔

ناریل بدن کو کافی غذائیت دیتا ہے۔ ناریل میں اجزاء ملحمہ (پروٹینز) 'الف' اور 'ب' بھی پائے جاتے ہیں۔ ناریل حرارت غریزی کو قوی کرتا ہے، جگر کو قوت دیتا اور خون کی پیدائش کو بڑھاتا ہے۔ اس کے متواتر استعمال سے بدن فربہ ہو جاتا ہے اور گردوں کو تقویت حاصل ہوتی ہے اور بینائی کو طاقت پہنچتی ہے۔

ناریل اعضائے جنسیہ پر محرک تاثیر کرتا ہے۔ مادۂ تولید کی پیدائش کو بڑھاتا ہے اور قوتِ باہ زیادہ کرتا ہے۔

ناریل بالخاصہ چیچک سے محفوظ رکھتا ہے۔ اگر چیچک کا زمانہ ہو اور بچہ شیرخوار ہو اور اس کو چیچک سے محفوظ رکھنا مقصود ہو تو اس کی ماں کو روزانہ ایک ہفتہ تک کھلائیں لیکن اگر بچہ دودھ چھوڑ چکا ہو اور اس کی عمر دو سال ہو تو اس کو ناریل روزانہ کھلائیں۔ چیچک نکلے گی تو اس کا زور کم ہوگا۔

ناریل جنین پر بھی اثرانداز ہوتا ہے۔ ہندی مجربین کا بیان ہے کہ حاملہ عورت کو ناریل کی تازہ تاڑی ہر ہفتہ دو تین بار پلانے سے شکم مادر میں بچے کا رنگ بدل جاتا ہے یعنی سیاہ فام والدین کے ہاں خوبصورت گورا بچہ پیدا ہوتا ہے۔ ہر جگہ تازہ تاڑی دستیاب نہیں ہوتی لہٰذا اس کے بجائے تازہ ناریل کا دودھ اور تازہ ناریل بھی یہی اثر کرتا ہے بلکہ خشک ناریل کا کھانا بھی اس بارے میں مفید بیان کیا جاتا ہے

ناریل سل ودق میں مفید ہے

ناریل سل ودق میں مفید ہے، تازہ اور پختہ ناریل کو کوٹ کر دبا کر نچوڑنے سے ایک دودھ جیسی رطوبت نکلتی ہے یہ نہایت لذیذ اور شیریں ہوتی ہے اس کے پلانے سے سل و دق کے مریض کو بہت فائدہ پہنچتا ہے۔ یہ عام جسمانی کمزوری کو زائل کر کے بدن میں طاقت پیدا کرتی ہے۔ بدن میں فربہی لاتی اور کھانسی کو کم کرتی ہے۔ بعض محققین کا بیان ہے کہ سل ودق کی ابتدائی حالت میں اکثر مریض اس کے استعمال سے شفایاب ہو جاتے ہیں۔

معمولی کھانسی میں بھی اس دودھ کے پینے اور ناریل کھانے سے فائدہ پہنچتا ہے لیکن اس کے بعد کچھ دیر تک پانی نہیں پینا چاہئے۔ اس بات کی احتیاط ضروری ہے۔

ناریل بینائی کو طاقت دیتا ہے نیز آشوب چشم میں بالخاصہ مفید ہے۔ اگر آشوب چشم کی حالت میں ایک تولہ ناریل ایک تولہ مصری کے ساتھ کھائیں تو بہت جلد آرام ہوتا ہے۔

ناریل چوٹ کے پرانے درد کو دور کرتا ہے

ناریل چوٹ کے پرانے درد کو دور کرتا ہے اگر چوٹ کی وجہ سے گانٹھ پڑ گئی ہو تو اس کو تحلیل کرتا ہے۔ اس غرض کے لئے پرانا ناریل اور اس کی چوتھائی ہلدی لے کر دونوں کو گوٹیں اور پوٹلی میں باندھ کر توے پر گرم کر کے سینک کریں بعد ازاں اسی کو نیم گرم باندھیں۔

ناریل کا دودھ جو کچے ناریل سے نکلتا ہے لذیذ اور شیریں ہوتا ہے، بدن کو غذائیت دیتا ہے اور پیاس کو بجھاتا ہے۔ علاوہ ازیں پیٹ کے کیڑوں کو ہلاک کرتا ہے۔

ناریل کا تیل

(روغن نارجیل) جو خشک ناریل کو دبا کر نکالا جاتا ہے۔ اگرچہ طبی اور غیر طبی بہت سے فوائد رکھتا ہے۔ لیکن اس میں سب سے اہم طبی فائدہ یہ ہے کہ یہ کالی کھانسی کے لئے نہایت مفید ہے۔ اس کے چند روز استعمال سے سخت سے سخت کھانسی میں تخفیف ہو جاتی ہے اور بچے کو اس بلا سے نجات مل جاتی ہے۔ ایک سال کے بچے کو ایک ایک چمچہ چائے بھر (تقریباً 3.3 ماشہ) دن میں تین بار پلائیں یہ خیال رکھا جائے کہ تیل عمدہ اور خالص ہو۔

ناریل کے تیل میں ہموزن چونے کا پانی ملا کر باہم پھینٹنے سے مرہم بن جاتی ہے جو جلے ہوئے کے لئے نہایت مفید ہے بوقتِ ضرورت اس کو تیار کر کے استعمال کرنے سے جلن دور ہو کر تسکین ہو جاتی ہے اگر زخم پڑ گئے ہوں تو وہ بھی اچھے ہو جاتے ہیں۔

مذکورہ بالا فوائد کے باوجود ناریل میں یہ نقص ہے کہ دیر ہضم ہے، معدے میں گرانی پیدا کرتا ہے لیکن اس کا یہ نقص شکر یا مصری کے ساتھ کھانے سے رفع ہو جاتا ہے۔

بیان کیا جاتا ہے کہ ناریل کھا کر اُوپر سے تھوڑے چاول دھو کر پھانک لیں تو ناریل بہت جلد ہضم ہو جاتا ہے اور مطلق گرانی نہیں پیدا کرتا۔

ناریل کے اوپر کا بالائی سرخ سیاہی مائل چھلکا ہضم نہیں ہوتا۔ لہٰذا اس کو چھیل کر کھانا مناسب ہے۔ اطباء تقویت جسمانی اور تقویت باہ کے لئے اکثر مقوی معجونوں میں ناریل شامل کرتے ہیں۔ حلوؤں میں ملا کر کھاتے ہیں نیز اس کا حلوہ اور پاک بنا کر کھاتے ہیں۔ دو نسخے ذیل میں درج کئے جاتے ہیں۔

حلوائے نارجیل

عمدہ ناریل بیس تولہ لے کر کدوکش کریں اور دو سیر دودھ میں پکائیں یہاں تک کہ دودھ کا کھویا بن جائے اب اس کھوئے کو پاؤ سیر گھی میں بھونیں۔ اس کے بعد ڈیڑھ سیر چینی میں ناریل کا دودھ ایک سیر ملا کر قوام بنائیں (اگر ناریل کا دودھ نہ ملے تو سادہ پانی شامل کریں) جب قوام بن جائے تو اس میں کھویا شامل کریں پھر سونٹھ ۵ تولے باریک پیس کر ملائیں۔ مغز بادام ۵ تولے، مغز چلغوزہ، مغز پستہ ہر ایک دو تولے ریزہ ریزہ کر کے ملائیں۔ آخر میں زعفران ۳ ماشے عرق کیوڑہ میں حل کر کے شامل کریں اس کے بعد اس کو جمائیں اور برفی کے مانند کاٹ کر رکھیں۔

دو تولے سے تین تولے تک روزانہ کھائیں اوپر سے دودھ پئیں۔ مقوی جسم اور مقوی باہ ہے۔

علم طلب کرو خواہ چین جانا پڑے۔

جنوں چڑیلوں کا بسیرا ☐ ہمارے شہر کا ماحول بھی اچھا نہیں ☐ بار بار کی جھڑک اور غصہ

قارئین! جب دینی زندگی پر خزاں آتی ہے تو بے دینی اور کالی دنیا کا عروج ہوتا ہے۔ اگر آپ کسی کالی دنیا، کالی دیوی یا کالے جادو سے ڈسے ہوئے ہیں تو لکھیں ہم قرآن وسنت کی روشنی میں اس کا حل کریں گے۔ جسکا معاوضہ دعا ہے۔ براہ کرم لفافے میں کسی قسم کی نقدی نہ بھیجیں توجہ طلب امور کے لئے پتہ لکھا ہوا ہے جوابی لفافہ ہمراہ ارسال کریں۔ خطوط لکھتے ہوئے اضافی گوند یا ٹیپ نہ لگائیں خط کھولتے وقت پھٹ جاتا ہے۔ رازداری کا خیال رکھا جائے گا۔ کسی فرد کا نام اور کسی شہر کا نام یا مکمل پتہ خط کے آخر میں ضرور لکھیں۔ جسمانی مسئلے کے لئے خط علیحدہ ڈالیں۔

جنوں چڑیلوں کا بسیرا

سوال: ہمارے گھر کا سب سے بڑا مسئلہ مکان کا ہے جس میں ہم رہ رہے ہیں یہاں پر بہت سی چیزوں یعنی جنوں چڑیلوں کا بسیرا ہے۔ یہ ہمیں تب پتہ چلا تھا جب امی نے گھر کے حالات کی بہتری کے لئے کسی مولانا سے رجوع کیا تھا تو انہوں نے کہا تھا کہ آپ یہ گھر چھوڑ دیں لیکن حالات ہی اجازت نہیں دیتے۔ خواب میں میری چڑیلوں سے تقریباً ہر روز کسی نہ کسی انسان کی صورت میں ملاقات ہوتی ہے اور ان میں سے ایک مجھ سے دوستی کرنا چاہتی ہے مجھے سمجھ آتا ہے کہ بہر حال وہ خواب میں آتی رہتی ہے۔ ابو کی زمینیں ہیں۔ وہ کئی سالوں سے مقدموں میں پھنسی ہوئی ہیں۔ کئی زمینوں کے مقدمے جیتے لیکن پھر وہ ویسے کے ویسے ہی ہیں۔ دوسرے لوگ رشوت، سفارش دے کر پھر مقدمہ شروع کروا دیتے ہیں جب سے اس گھر میں آنکھ کھلی ہے تب سے مقدمے اور قرضے ہی دیکھے ہیں۔ رزق برائے نام ہے اور ہمیں ادھار قرض پر قناعت کرنا پڑتا ہے۔ اب یہ حال ہے کہ بیماریوں میں اضافہ ہو گیا ہے۔ لیکن ظاہر ہے علاج کروائیں یا پھر کھائیں۔ مہربانی فرما کر مجھے ان مسائل کا حل بتائیں۔ (ر۔ا۔قصور)

جواب: حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہیں کہ ایک روز میں رسول اکرم ﷺ کے ساتھ باہر نکلا اس طرح کہ میرا ہاتھ آپ ﷺ کے ہاتھ میں تھا۔ آپ ﷺ کا گزر ایک ایسے شخص پر ہوا جو بہت شکستہ حال اور پریشان تھا۔ آپ نے پوچھا کہ تمہارا یہ حال کیسے ہو گیا؟ اس شخص نے عرض کیا کہ بیماری اور تنگدستی کی وجہ سے آپ ﷺ نے فرمایا کہ میں تمہیں چند کلمات بتاتا ہوں، وہ پڑھو گے تو تمہاری بیماری اور تنگدستی جاتی رہے گی وہ کلمات یہ تھے۔

توکلت علی الحیی الذی لا یموت الحمد للہ الذی لم یتخذ ولداً ولم یکن لہ شریک فی الملک ولم یکن لہ ولی من الذل وکبرہ تکبیرا.

اس کے کچھ عرصہ بعد پھر آپ ﷺ اس طرف تشریف لے گئے تو اس کو اچھے حال میں پایا آپ ﷺ نے خوشی کا اظہار فرمایا۔ اس نے عرض کیا کہ جب سے آپ ﷺ نے مجھے یہ کلمات بتائے ہیں، میں پابندی سے پڑھتا ہوں۔

انتباہ: حضرت ابو حدیفہؓ ارشاد فرماتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ کو جب کوئی سخت امر پیش آتا تھا تو فوراً نماز کی طرف متوجہ ہوتے تھے (رواہ احمد وابو داؤد) جتنے بھی اوراد اور وظائف پڑھے جائیں نماز ان سب پر بھاری ہے۔ جب حضور اکرم ﷺ نماز ہی کے ذریعے اپنی مشکلات حل کرواتے تھے تو پھر بطریق اولیٰ آپ ﷺ کے نقش قدم پر چلیں نماز پڑھے بغیر اور وظائف کے اثرات بے معنی ہیں اس لئے نماز کا اہتمام اس کے شایان شان ضروری ہے۔

آپ نہایت توجہ اور دھیان سے یہ عمل کریں اگر اعتماد توجہ دھیان اور یکسوئی نہ ہوئی تو عمل فائدہ نہیں دے گا۔ یہ عمل جس جس نے بھی کیا ہے اسے مکمل فائدہ اور نفع ہوا ہے۔ آج تک کوئی ناکام نہیں ہوا۔ انشاء اللہ تعالیٰ آپ کے تمام مسائل حل ہو جائیں گے۔

ہمارے شہر کا ماحول بھی اچھا نہیں

سوال: بروز جمعہ آٹھ ستمبر اپنی بہنوں کے ساتھ اسلام آباد میں آپ سے ملاقات کی تھی۔ میں نے آپ سے اپنے کاروبار کے متعلق بات کی ہے۔ ہم لوگوں نے اپنی جائداد فروخت کر کے اور کچھ سمال انڈسٹری سے قرض لے کر ایک عدد فلور مل لگائی ہے۔ ہم نے اس کام کی خاطر اپنا سب کچھ داؤ پر لگا دیا ہے لیکن اس کام میں کوئی کامیابی نہیں ہوئی۔ ٹھیکے پر لگا دیتے ہیں تو ٹھیکیدار بھی سال دو سال چلا کر چھوڑ دیتے ہیں۔ ایک سال ہوا ہے ہم لوگ بچوں کو پڑھانے کے سلسلے میں اسلام آباد شفٹ ہیں لیکن اب میرے خاوند کہتے ہیں کہ کاروبار بند ہے۔ کوئی ذریعہ معاش نہیں ہے جس کی وجہ سے ہمیں واپس جانا ہو گا۔ حالانکہ میرے بچے یہاں پڑھنا چاہتے ہیں میرے خاوند کی تعلیم بھی زیادہ نہیں ہے۔ میرے خاوند اب مل فروخت کرنا چاہتے ہیں۔ آپ براہ مہربانی ان مسائل کا حل تجویز کریں۔ ہم واپس جانا نہیں چاہتے کیوں کہ ہمارے شہر کا ماحول بھی اچھا نہیں ہے۔ میرا بڑا بیٹا 13 سال، بیٹی 11 سال اور پھر بیٹا 5 سال کا ہے۔ میں بہت پریشان ہوں۔ آپ نے مجھے اسلام آباد میں بتایا تھا کہ سورۃ الضحیٰ صبح شام اور روزانہ یا لطیف یا وھاب پڑھا کریں اور دم شدہ پانی فیکٹری اور گھر کے چاروں کونوں میں ڈالا کریں۔ میں اسلام آباد کرائے کے گھر میں رہتی ہوں۔ ہمارا آبائی گھر اور فیکٹری دور ہے۔ اب یہ کیسے ممکن ہے کہ میں پانی ڈال سکوں؟ (مسز پرویز)

جواب: بہن! آپ کے تمام مسائل کی وجہ دراصل بنک کا قرضہ یعنی سود ہے۔ میرا تلخ تجربہ ہے کہ جس جس نے سود پر کام کیا ہے، آخر کاروبار برباد ہوا کبھی بھی کامیابی نہیں ہوئی ہے۔ آپ اس کام سے توبہ کریں فیکٹری فروخت کریں۔ اور

اَللّٰھُمَّ اکْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَاَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ.

313 دفعہ نہایت توجہ سے روزانہ پڑھیں اگر گھر کے دیگر افراد پڑھیں تو اور زیادہ فائدہ ہو گا اور یہ عمل کم از کم 90 دن کریں۔

بار بار کی جھڑک اور غصہ

سوال: جناب عبقری صاحب! میری شادی کو 13 سال ہو گئے ہیں جب سے میں اس گھر میں آئی ہوں میرے حالات کبھی درست نہیں ہوئے۔ میں پریشان ہی رہی ہوں۔ میرے میاں ماشاء اللہ بہت ہی اچھے ہیں، ان کا روزگار بھی مناسب ہے۔ لیکن وہ جب بھی مجھے دیکھتے ہیں تو ان کو بہت غصہ آ جاتا ہے اور مجھے جھڑکتے ہیں۔ کئی دفعہ تو مارا بھی ہے۔ لیکن کچھ دیر کے بعد وہ ٹھنڈے ہو جاتے ہیں اور پھر معذرت بھی کرتے ہیں۔ میں اس بار بار کی جھاڑ اور غصے سے مریض بن گئی ہوں اور کبھی کبھی دل چاہتا ہے کہ خودکشی کر لوں۔ کئی عاملوں اور پیروں نے کہا کہ تم پر جادو ہیں، آسیب ہیں، لیکن عبقری صاحب! مجھے یقین نہیں آتا آپ براہ کرم قرآن و سنت کے مطابق کوئی عمل بتائیں۔ (شبانہ ناز۔ بہاولپور)

جواب: بہن دراصل آپ کا یہ گھریلو مسئلہ ایک عالمی مسئلہ بنا ہوا ہے۔ اکثر خواتین کو یہ شکایت ہوتی ہے۔ اس کے کئی عوامل ہیں۔ معاشی پریشانی بھی انسان کو چڑچڑا بنا دیتی ہے۔ پھر یہ پریشانی انسان گھر تک لاتا ہے۔ گھر والوں کی اپنی ضروریات ہوتی ہیں۔ جب اسے مسائل کا بوجھ زیادہ محسوس ہوتا ہے۔ تو پھر یہ شخص پھٹ پڑتا ہے۔ حالانکہ اسلامی تعلیمات ہمیں صبر اور برداشت کا سبق دیتی ہیں۔ دوسری وجہ مرد ہمیشہ عورت سے اپنے لئے تسلی اور تشفی کے بول سننا پسند کرتا ہے۔ جیسا کہ حضور اکرم ﷺ کو حضرت خدیجہؓ نے تسلی دی اور آپ ﷺ کی ڈھارس بندھائی تو اس لئے بیوی کو چاہئے کہ وہ اپنے شوہر کی ڈھارس بندھائے اور قلبی سکون کا ذریعہ بنے۔ تیسرا اگر باوضو کھانا تیار کرے اور کھانا تیار کرتے ہوئے سورۃ قریش پارہ 30 مسلسل پڑھتی رہے، جب میاں کے کپڑے دھوئے، استری کرے حتیٰ کہ بستر بچھائے یا لیٹے تو یہ سورۃ پڑھتی رہے۔ جس بہن کو یہ سورۃ زبانی یاد نہ ہو وہ اسے زبانی یاد کرے ورنہ وہ اللہ تعالیٰ کا یہ صفاتی نام ''یابدوح'' بکثرت پڑھتی رہے۔ بہت پرتاثیر ہے یہ اسم مبارک۔

مہد سے لحد تک علم حاصل کرتے رہو۔

بالوں کا ٹوٹنا اور خشکی کیلئے پریشان نہ ہوں

آج کل بالوں کا رنگ ہلکا کرنے (بلیچنگ) کا شوق خاصا عام ہے۔ اس کی وجہ سے بال کمزور ہو کر ٹوٹنے لگتے ہیں۔ اگر یہ عمل صرف ایک حد تک رہے یعنی جڑیں محفوظ رہیں تو اس سے انہیں نقصان نہیں پہنچتا اور بال ٹھیک طرح سے بڑھتے رہتے ہیں۔

بال ٹوٹنے کی شکایت میں ہمیشہ یہ دیکھنا ضروری ہوتا ہے کہ سر کی کھال اور بالوں کی جڑیں ٹھیک اور محفوظ ہیں یا نہیں۔ یہ ٹھیک ہیں تو پھر بال جھڑنے کی شکایت کا تعلق موروثی اثرات سے ہوتا ہے۔ بال نرم اور پتلے ہوں تو ان کا علاج کیا جاسکتا ہے مثلاً حیاتین ھ (وٹامن ای) اور اچھی غذا کے استعمال سے ان میں جان آجاتی ہے۔ غذا میں پروٹین مناسب مقدار میں شامل ہونی چاہیے اور شکر کی مقدار کم سے کم رکھنی چاہیے۔ آج کل ٹھنڈی بوتلیں بڑے شوق سے پی جاتی ہیں جب کہ ان میں بہت شکر ہوتی ہے۔ بالوں کی جڑوں میں دوران خون بڑھانے کے لئے یوگا کا سرآسن بھی مفید ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ انگلیوں کے سروں سے سر کی کھال کی مالش، فولاد اور خاص طور پر جست (زنک) کی اضافی خوراک بھی بالوں کے لئے مفید ہوتی ہے۔ بالوں کو پروٹین والے شیمپو سے دھونا بھی مفید ثابت ہوتا ہے۔ میتھی کے بیجوں کے لعاب، ماش کی دال کا آٹا اور انڈے کی سفیدی سے بھی انہیں فائدہ پہنچتا ہے۔

بالوں کی خشکی:

یہ بالوں کی ایک بہت عام شکایت ہے۔ جلد کی طرح سر کی کھال کی پرتیں بھی مسلسل اترتی رہتی ہیں اور یہی 'بفا' یا خشکی کہلاتی ہیں۔ اسے طویل عرصے تک نظر انداز کرنے کا نتیجہ گنجے پن کی صورت میں ظاہر ہوتا ہے۔ جلد کی پرتوں کے جمع ہوتے رہنے سے بالوں میں دوران خون سست پڑتا جاتا ہے' اس لئے ہمیشہ صرف اپنا کنگھا' برش اور تولیہ وغیرہ استعمال کرنا چاہیے۔

بالوں کی خشکی کی شکایت دو طرح کی ہوتی ہے: خشک اور چکنی۔ خشک میں بھوسی جھڑتی رہتی ہے جب کہ چکنی میں بالوں کی جڑوں کے قریب چکنا میل سا جما رہتا ہے۔ دونوں صورتوں میں سر کی کھال میں کھجلی ہوسکتی ہے۔

علاج:

(۱) کھانے کے دو چمچے اصلی سرکے میں چھ چمچے گرم پانی ملا لیجئے اور روئی سے بالوں کی جڑوں میں اسے اچھی طرح جذب کیجئے۔ کنگھے سے بال ہٹا کر یہ لگایئے تاکہ یہ تمام بالوں میں اچھی طرح لگ جائے۔ اسے رات میں لگانا مناسب ہوتا ہے۔ تکیے پر کوئی کپڑا ضرور پھیلا دیجئے تاکہ دھبا نہ لگے۔ صبح بال شیمپو کر لیجئے اور بال پانی سے اچھی طرح دھونے کے بعد کھانے کے تین چمچے یہی سرکہ ایک پیالی گرم پانی میں ملا کر بال دھو لیجئے۔ یہ عمل ہفتے میں تین بار کرنا چاہیے۔

(۲) ایک موثر تدبیر یہ بھی ہے کہ کوئی اچھا سا تیل مثلاً ناریل کا تیل، روغن آملین یا روغن لبوب سبعہ گرم کر کے سوتے وقت بالوں میں اچھی طرح جذب کریں۔ صبح نہانے سے پہلے اصلی سرکے میں ایک لیموں کا رس ملا کر روئی سے بالوں میں لگائیں اور جب یہ اچھی طرح جذب ہو جائے تو بال انڈے کے شیمپو سے دھولیں۔ آخر میں پانی سے اچھی طرح دھونے کے بعد ایک پیالی گرم پانی میں ایک لیموں نچوڑ کر بال دھو کر خشک کرلیں۔ یہ عمل تین مہینوں تک ہفتے میں ایک یا دو بار کرنا چاہیے۔

اس کے علاوہ بالوں کے لئے بھاپ بھی مفید ہوتی ہے۔ گرم پانی میں تولیہ بھگو کر نچوڑ کر سر پر پگڑی کی طرح لپیٹنے سے بالوں کو بھاپ لگتی ہے جس سے خشکی ختم ہو جاتی ہے۔ ان تدابیر سے فائدہ نہ ہونے کی صورت میں معالج سے رجوع ہونا چاہیے۔

بال چر کا علاج

اس سے مراد سر کی کھال میں چکتوں کی شکل میں ابھرنے والے کھال کے وہ چکنے حصے ہیں جہاں کے بال اڑ جاتے ہیں۔ خواتین کے لئے یہ چکتے شدید ذہنی صدمے کی شکل اختیار کرسکتے ہیں۔ یہ چکتے کسی شدید مرض مثلاً خون کی کمی اور کسی صدمے یا فکر و تشویش کی وجہ سے ہوتے ہیں۔ وقت سے پہلے ہونے والے گنجے پن کا سبب عموماً موروثی اثرات کا نتیجہ ہوتا ہے بعض میں اس کا سبب سر کی کھال کا اگزیما بھی ہو سکتا ہے۔ اگر بالوں کی جڑیں سلامت ہوں تو اس کا علاج ممکن ہوتا ہے اور تیز کیمیائی دواؤں کے مقابلے میں قدرتی دوائیں زیادہ مفید ثابت ہوتی ہیں مثلاً ایک سال پرانے آم کے اچار کا تیل اس جگہ جذب کرنے سے (جڑیں سلامت ہوں تو) بال اگ سکتے ہیں لیکن جلن بھی ہوسکتی ہے۔ اسی طرح حقے کا گل یعنی چلم میں جلا ہوا تمباکو سرسوں کے تیل میں ملا کر لگانے سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔

بڑی عمر میں ہونے والا گنجا پن مستقل نوعیت کا ہوتا ہے' کیونکہ آپ پڑھ چکے ہیں کہ عمر میں اضافے کے ساتھ بال یوں بھی کم ہونے لگتے ہیں۔

سر کی کھال میں بننے والے گول گول چکتے (بال چر) بالعموم کسی شدید مرض کا نتیجہ ہوتے ہیں۔ ایسی صورت میں اصل مرض کا علاج ہونا ضروری ہوتا ہے۔ یہاں یہ بتانا مناسب ہوگا کہ گنجا پن تین قسم کا ہوتا ہے: ایک وہ جو وقت سے پہلے پہلے ہو' دوسرا وہ جو گول چکتوں کی صورت میں ظاہر ہو (یہ عارضی ہوتا ہے اور اس کا بنیادی سبب کوئی ذہنی صدمہ اور فکر و پریشانی ہوتی ہے) اور تیسری قسم میں کھال کی سطح پر آبلے یا پھوڑے سے بن کر اس میں گڑھے بن جاتے ہیں۔ ان کے علاج کے لئے معالج بالعموم سکون بخش دوائیں استعمال کراتے ہیں تاکہ اعصابی اور ذہنی سکون کا سامان ہوسکے۔

متاثر مقام پر ہلکی ہلکی مالش سے بالوں کی جڑوں میں خون کا دوران تیز کیا جاتا ہے اور معالج کی تجویز پر تیلنی مکھی (کنیتھر اٹڈس) کا ٹنکچر لگایا جاتا ہے۔ یہ آبلہ لانے والی دوا ہے۔ جو ذرا مشکل سے ملتی ہے۔

۱۵ سے ۳۰ منٹ تک مالش مفید اور بے ضرر تدبیر ثابت ہوتی ہے۔

تیلنی مکھی کے ٹنکچر کے مقابلے میں چکتوں پر لہسن کی تین چار کلیاں چھیل کر اس میں باریک پسا ہوا سرمہ ملا کر لگانا بھی مفید ہوتا ہے۔

بکرے کے گردے کی چربی میں سرمہ ملا کر لگانا بھی مفید ہوتا ہے۔ لہسن اور پیاز کے رس کی مالش بھی مفید ہوتی ہے۔ لہسن اور پیاز سے جلن ہو تو اس جگہ تھوڑا سا اصلی مکھن لگانا مفید ہوتا ہے۔ یورپ وغیرہ میں بالوں میں دوران خون بڑھانے کے لئے بئر (شراب) سے بال دھونے کا رواج بھی ہے۔ اسی طرح انڈے کے شیمپو سے بھی فائدہ ہوتا ہے۔

برش سے بال جھڑنے کی شکایت:

اصولی طور پر برش کرنے سے بالوں کی جڑوں میں خون کا دوران تیز ہو جاتا ہے اور جڑوں کی چکنائی کے غدود کا عمل تیز ہو جانے سے بالوں میں خشکی نہیں ہوتی' لیکن ضرورت سے زیادہ برش کرنے سے نقصان بھی ہوسکتا ہے۔ ایسی صورت میں اعتدال کے ساتھ برش کیجئے۔

بال اگر کسی مرض کی وجہ سے جھڑ رہے ہوں تو اس سلسلے میں معالج سے ضرور مشورہ کیجئے تاکہ اصل سبب اور مرض کا کھوج لگ سکے۔ قدرتی ریشے یا بالوں والا برش' پلاسٹک یا نائلون وغیرہ سے بہتر ہوتا ہے۔ برش کے ریشے نرم ہونے چاہئیں اور انہیں نرمی کے ساتھ بالوں میں پھیرنا چاہیے۔

سفید بال:

کلورین آمیز یا بھاری نمکین پانی سے بال وقت سے پہلے سفید ہوسکتے ہیں۔ چند سفید بالوں کو دیکھ کر خواتین کی اکثریت گھبرا جاتی ہے۔ چند سفید بالوں کا (بقیہ صفحہ نمبر 15)

تو اور تیرا مال تیرے باپ کا ہے۔

جنات سے سچی ملاقاتیں

قارئین! آپ کا کبھی کسی پراسرار چیز یا کبھی کسی جن سے واسطہ پڑا ہو تو ہمیں ضرور لکھیں چاہے بے ربط لکھیں نوک پلک ہم خود سنوار لیں گے۔

سانپ، جن اور اجنبی دنیا

مظہر سعید قریشی کی کتاب ''ھڈ بیتی (سو فیصد سچ)'' سے ایک دلچسپ اقتباس۔

خدا جانتا ہے کہ یہ بات کہاں تک سچ ہے کہ جنات سانب کی شکل بدل کر لوگوں کے سامنے آتے ہیں۔ایک روایت کے مطابق کوئی اگر گھر میں سانپ دیکھے تو اسے تین مرتبہ نکل جانے کیلئے کہے۔اگر اس کے بعد نظر آئے تو اسے مار دے۔ایک دفعہ ایسا ہی تذکرہ ہو رہا تھا تو ایک جاننے والے نے جو قبائلی علاقے سے تعلق رکھتے تھے کہا کہ ان کے گاؤں میں یہ مشہور ہے کہ جب جن بہت بوڑھے ہو جائیں تو سانپ بن کر آ جاتے ہیں تا کہ لوگ انہیں مار دیں اور ان کی خلاصی ہو۔یہ تو سنی سنائی باتیں ہیں لیکن ایک واقعہ جو محمد اسد صاحب نے Road to Makkah میں لکھا ہے اس کو آسانی سے جھٹلانا مشکل ہے محمد اسد صاحب وہی ہیں جنہوں نے قرآن پاک کا انگریزی میں ترجمہ اور تشریح لکھی ہے۔بلا شبہ وہ بہت پڑھے لکھے اور عالم دین تھے وہ کہتے ہیں: اپنے دو ساتھیوں منصور اور زاہد کے ساتھ وہ صحرا میں جا رہے۔شام کا وقت اور سورج غروب ہونے کو تھا کہ ایک کالا بڑا سانپ آ گیا۔وہاں اس نے سر اٹھا کر ہماری طرف کا رخ کیا تو میں Reflex Movement کے ساتھ بندوق کو سنبھالا اور سانپ کا نشانہ لے لیا۔ادھر منصور چیخ کر بولا: ''مت مارئے۔مت مارئیے''۔ادھر میں Trigger دبا چکا تھا۔

جب سانپ تڑپ کر مر گیا تو منصور نے کہا آپ کو سانپ مارنا نہیں چاہئے تھا مغرب کے وقت جن اکثر سانپ کی شکل میں نکلتے ہیں شائد تم ٹھیک کہتے ہو منصور یہ کہہ کر میں نے سوچنا شروع کیا کہ ایسی باتوں کو اگر سائنس ثابت نہیں کر سکتی تو اس کے خلاف بھی تو کوئی ثبوت نہیں۔ممکن ہے کسی اور دنیا کے Biological Laws ہماری دنیا سے مختلف ہوں اور کبھی کبھی خاص حالات میں اپنے راستے کاٹتے ہوئے نظر آ جائیں تو پرانی جنوں، بھوتوں اور Super Natural باتوں کو نظر انداز نہیں کیا جا سکتا۔منصور کی بات پر آدھا یقین کئے میں یونہی بڑبڑا رہتا تھا کہ زاہد بولا: ''منصور ٹھیک کہتا ہے۔چچا جان آپ کو سانپ نہیں مارنا چاہئیے تھا''۔''بہت سال پہلے عراق جاتے ہوئے میں اسی طرح ایک سانپ کو مارا تھا۔اس وقت سورج غروب ہو رہا تھا۔سانپ کو مارنے کے فوراً بعد میری ٹانگیں بہت بھاری لگنے لگیں۔سر میں ایسا شور محسوس ہوا جیسے پانی کی بڑی آبشار گر رہی ہو۔پھر ایسے جیسے میرے اجزاء آگ میں جلنا شروع ہو گئے میں گر کر بے ہوش ہو گیا اور گھپ اندھیروں میں گم ہو گیا۔مجھے معلوم نہیں کتنا عرصہ میں کالے اندھیرے میں رہا لیکن آ کر کیا دیکھتا ہوں کہ ایک آدمی میرے دائیں کھڑا ہے اور ایک بائیں۔وہ مجھے ایک ہال میں لے گئے جہاں ابھی بہت سے لوگ ہیں۔کچھ عرصہ بعد مجھے احساس ہوا کہ میں ملزم ہوں اور مجھے جج کے سامنے پیش کیا جا رہا ہے۔چھوٹے قد کا بوڑھا آدمی اونچے ڈائس پر بیٹھا جج کے فرائض انجام دے رہا ہے۔مقدمہ بنانے والی پارٹی الزام لگاتی ہے کہ اس شخص نے شام کے وقت اس کو رائفل سے مارا۔جرم ثابت ہو چکا ہے۔وہاں میرا دفاع کرنے والی پارٹی بھی تھی۔اس نے اسٹینڈ لیا۔اس کو معلوم تھا کہ کس کو مار رہا ہے۔بندوق چلانے سے پہلے اس نے خدا کا نام بھی لیا تھا یہ بے قصور ہے۔دوسری پارٹی جھگڑنے لگی۔اس نے ایسا نہیں کیا تھا۔عدالتی کاروائی کچھ دیر جاری رہی۔آخر جج بولا: اس کو معلوم نہیں تھا کہ کسے مار رہا ہے۔اور اس نے مارتے وقت خدا کی تعریف بھی کی ہے۔وہ دو آدمی جو مجھے پیش کرنے لائے تھے انہوں نے مجھے پھر پکڑا اور اسی اندھیرے میں لے گئے۔پھر مجھے زمین پر لٹا کر غائب ہو گئے اور میں نے اپنی آنکھیں کھولیں۔دیکھا تو میں اناج کی بوریوں کے درمیان پڑا ہوں۔میرے اوپر سورج سے بچنے کیلئے کپڑا اوڑھا ہوا ہے دوپہر کا وقت تھا سامنے اونٹ چر رہے تھے اور میرے ساتھی آس پاس کام کر رہے تھے۔میں اتنا نحیف ہو چکا تھا کہ اپنا بازو بھی نہیں اٹھا سکتا تھا۔میں نے مدھم آواز میں ''کافی'' تو میرے ساتھی بھاگ کر آئے اور کہا یہ بولتا ہے دیکھو یہ بولتا ہے گرم گرم کافی پینے کے بعد میں نے کچھ ہوش سنبھالا تو پوچھا: کیا میں ساری رات بے ہوش رہا ہوں؟ ساری رات؟ وہ چیخے ''تم تو چار دن سے ایک لاش کی طرح تھے ہم تمہیں بوری کی طرح دن کو لاد کر سفر کرتے اور رات کو نیچے رکھ دیتے اب ہمارا ارادہ تمہیں یہاں دفن کرنے کا تھا'' یہ سنانے کے بعد زاہد نے چیخ کر کہا کہ چچا مغرب کے وقت سانپ کو کبھی نہ مارنا محمد اسد لکھتے ہیں کہ کہانی پر آدھا یقین کر کے میرا دل Amuse ہو رہا تھا اور ساتھ ہی آدھا یقین ان دیکھی طاقتوں کو محسوس کر رہا تھا۔

ہر روز موت کے بعد نئی زندگی پر شکر خداوندی: (دعاؤں کے معجزانہ اثرات چشم دید واقعات کی روشنی میں) روزمرہ کی مسنون دعاؤں اور نبوی ﷺ اذکار کے انسانی زندگی پر ہونے والے حیرت انگیز نتائج اور مثبت اثرات، چشم دید مشاہدات اور واقعات کی روشنی میں (مولانا محمد الیاس ندوی، کرناٹک انڈیا)

عبدالاحد اور سلیم دونوں بچپن کے گہرے دوست تھے' ایک ہی درجہ میں پڑھے ہوئے' ہم عمر و ہم مزاج' حسن اتفاق سے ہم کاروبار بھی' ایک ہی شہر کی ایک ہی مارکیٹ میں دونوں کی کپڑوں کی دکانیں تھیں' بڑے شہروں میں ہول سیل خریداری کے لئے عموماً دونوں ایک ہی ساتھ سفر بھی کرتے' معمول کے مطابق دونوں رمضان سے قبل گجرات کے شہر سورت پہنچے' دن بھر بازار کا جائزہ لیا اور واپس اپنے ہوٹل میں رات کو آ کر کھانا کھا کر سو گئے' صبح کی نماز کے لئے سلیم بیدار ہوا' اس نے عبدالاحد کو بھی جگایا دو تین بار آواز دینے کے باوجود بیدار نہیں ہوا' مسجد کے لئے نکلتے ہوئے اس نے پھر ایک بار اس کو آواز دی' اس پر بھی جب وہ بیدار نہ ہوا تو یہ سوچ کر کہ اس کو رات نیند دیر سے آئی ہو گی سلیم مسجد چلا گیا' فجر کی نماز پڑھ کر وہ جب واپس کمرے لوٹا تو عبدالاحد بدستور گہری نیند میں تھا اس نے زور سے پکارا عبدالاحد نماز قضا ہو رہی ہے تم ابھی تک سو رہے ہو' جلدی کرو' اٹھو' نماز پڑھو لیکن ادھر سے بدستور خاموشی و سکوت سے ہی جواب ملا' سلیم گھبرا گیا' اس نے اس کے سینہ پر ہاتھ رکھا' سانس بند تھی' نبض ٹٹولی وہ بھی رک گئی تھی' پریشانی و گھبراہٹ کے عالم میں اس نے ہوٹل کے ریسپشن فون کر کے صورت حال سے آگاہ کیا' تھوڑی ہی دیر میں دو آدمی اوپر آئے' انہیں یہ فیصلہ کرنے میں دیر نہیں لگی کہ عبدالاحد کا کام تمام ہو چکا ہے' سلیم پھر بھی امید کا دامن ہاتھ سے چھوڑنے کے لئے تیار نہیں تھا' اس نے یہ سوچ کر کہ ممکن ہے کہ اس پر بے ہوشی طاری ہو گئی ہو ہوٹل والوں سے درخواست کی کہ فوراً کسی قریبی ڈاکٹر کو بلایا جائے' اتفاق سے ہوٹل کے سامنے سے محلّہ کے ایک مسلم ڈاکٹر اپنی معمول کی چہل قدمی کرتے ہوئے گزر رہے تھے' ان کو اوپر بلایا گیا ان کو بھی یہ خبر دینے میں دیر نہیں لگی کہ یہ مسافر آخرت کی طرف کوچ کر چکا ہے' انہوں نے سلیم سے دریافت کیا کہ رات کو سونے سے پہلے عبدالاحد میں بیماری کے کچھ آثار تو نہیں تھے' اس پر سلیم نے کہا کہ ہم دونوں میں قابل رشک صحت تو عبدالاحد کی تھی' اس کے مقابلہ میں میں متعدد بیماریوں کا مجموعہ ہوں' کئی سال سے بی پی ہے' اس پر مستزاد شوگر کا مرض بھی' عبدالاحد نے رات کو سونے سے قبل اپنی کسی تکلیف کا نہ ذکر کیا اور نہ اس کی کسی کیفیت سے اس کے بیمار ہونے کا اندازہ ہوا' اس پر ڈاکٹر نے جو اپنے چہرے بشرے سے کسی عالم دین سے کم نہیں لگ رہے تھے فرمایا کہ طبی اصولوں کے مطابق کسی شخص کے لئے سونے کے بعد دوبارہ بیدار ہونا اللہ کی اس پر اس دن ایک زائد نعمت ہے' دراصل نیند بھی ایک چھوٹی سی موت ہے' گویا انسان کے لئے سونے کے بعد بیدار ہوانا موت کے بعد زندہ ہونے کے برابر ہے' آپ دونوں ایک ساتھ رات کو لیٹ گئے' فرق یہ ہوا کہ ایک کو اللہ نے دوبارہ زندہ کیا اور دوسرا آپ کا ساتھی موت کا سامنا کرنے کے بعد واپس نہیں آیا اور اللہ نے اس کو چھوٹی موت سے بڑی موت میں پہنچا دیا۔ ڈاکٹر صاحب کی یہ باتیں سن کر سلیم کی زبان سے بے ساختہ یہ جملہ نکلا کہ اے اللہ تیرا ہی شکر ہے کہ تو نے مجھے آج رات موت کے بعد دوبارہ زندہ کیا اور مجھ پر احسان فرمایا اور میرے (بقیہ: صفحہ نمبر 12)

اپنے گھر کی دیواراتنی بلند نہ کرو کہ پڑوسی کی ہوا رک جائے۔